# رسالۂ سلوک مع اردو ترجمہ

از

## حضرت میر نعمان رحمۃ اللہ علیہ

(خلیفہ حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ)

و

# رسالۂ قیّومیّت

از

## حضرت ابوالحسن زید فاروقی رح

مرتب

ڈاکٹر حافظ منیر احمد خان

www.maktabah.org

www.maktabah.org

بسم الله الرحمن الرحيم

www.maktabah.org

www.maktabah.org

# رسالۂ سلوک مع اردو ترجمہ

از

## حضرت میر نعمان رحمۃ اللہ علیہ

(خلیفہ حضرت مجددّ الف ثانی قدس سرہٗ)

و

# رسالۂ قیّومیّت

از

## حضرت ابوالحسن زید فاروقیؒ

مرتب

ڈاکٹر حافظ منیر احمد خان

www.maktabah.org

جملہ حقوق محفوظ ہیں

کتاب: (۱) رسالہ سلوک (۲) قیومیت

مرتب: ڈاکٹر حافظ منیر احمد خان

ناشر: المصطفٰے پبلی کیشنز اولڈ یونی ورسٹی کیمپس حیدر آباد

تعداد: ۵۰۰

سال: ۲۰۰۲ (مئی)

www.maktabah.org

# عرض مرتب

میرے جدِّ امجد ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خان مدظلہ العالی نے ۱۹۶۹ء میں رسالہ سلوک اور مشائخ طرق اربعہ حضرت مولانا حافظ محمد ہاشم جان سرہندیؒ (ٹنڈو سائیں داد سندھ) سے حاصل کر کے فارسی ہی میں شائع کیے تھے۔

اب ان رسائل میں سے رسالہ سلوک از میر نعمان مع اردو ترجمہ حضرت مولانا ابوالفتح محمد صغیرالدینؒ (المتوفی ۱۴۱۷ھ/ ۱۹۹۶ء) اور ایک رسالہ قیومیت از مولانا ابوالحسن زید فاروقی (المتوفی ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء) شائع کیے جارہے ہیں۔

رسالہ قیومیت تحریر کرنے کے لیے دادابا نے حضرت مولانا ابوالحسن زید فاروقی صاحبؒ سے درخواست کی تھی اور انھوں نے اس درخواست کو قبول کرلیا تھا۔ بلکہ اس رسالے کو شائع بھی کردیا تھا لیکن وہ یہاں تک نہ پہنچ سکا۔

راقم الحروف جب فروری ۲۰۰۱ء میں خانقاہِ مظہریہ دہلی (انڈیا) میں حاضر ہوا تو حضرت مولانا ابوالحسن زید فاروقیؒ کے پوتے مولانا محمد انس صاحب نے وہ رسالہ (قیومیت) مجھے عنایت فرمایا۔

شکر ہے کہ اب میں اس کو پاکستان میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں۔

ڈاکٹر حافظ منیرا نماں

www.maktabah.org

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ والسّلامُ علیٰ عبادہ الّذین اصْطفیٰ۔ امّا بعد فقد قال رسولُ اللّٰہِ صلّی اللّٰہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلّم اِنّ اللّٰہ یَبعث لِھٰذِہِ الاُمّۃِ علیٰ راس کلّ مائۃ سنۃ مَن یجدّد لَھَا دِینَہا۔ رواہ ابوداؤد والحاکمُ والبیہقیُ۔ مراد از من جماعتے است و آن نزد علمائے ظاہری جماعتے است از مفسران و محدثان و فقہای کہ از کمالِ تابعیت بدرجۂ متبوعیت رسیدہ اند و باعثِ اعلائے دین متین بہ استخراجِ جزئیات از کلیات و اشاعت آن برکافۂ مخلوقات گردیدہ۔ درہیچ شکے نیست کہ این قسم علماء در ہر زمان موجود نیستند۔ و آن نزدِ علمائے باطنی جماعتے است کہ از تمام تقلید بہ مرتبہ تحقیق فائز گشتند و تربیتِ خاص و تہذیب با اختصاص درباب وصول و ایصال بحق جل وعلا مقرر کردند۔ و این نوعِ اولیا نیز کہ علمائے ربانی اند در ہر زمان موجود نمی باشند اما آن ذاتِ معین کہ جامع کمالاتِ صوری و معنوی و وارثِ مراتب ظاہری و باطنی باشد بہ اتفاق ہرہمہ مجدد خواہد بود۔ و آن حدیث متفق علیہ کہ لَایزالُ مِن اُمّتی اُمّۃ قائمۃ

www.maktabah.org

بِامرِ اللّٰہِ تعالیٰ لَا یَضُرُّہُم مَن خَذَلَہُم وَلَا مَن خَالَفَہُم حتیٰ یَاْتِیَ اَمْرُ اللّٰہِ وھُم علیٰ ذٰلک۔ نزد علمای صوری محمول بر سائر علمای شریعت و طریقت است کہ بمرتبۂ تحقیق فائز شدہ اند و تخصیص بمائۃ نہ دارند۔ و ہمچنین نزد علمای معنوی محمول است بہ سائر اولیا کہ کارگزاران عالم ہستند از ابرار و اخیار و ابدال و اقطاب و اغواث و نحوہا بذرِ مشرب محمدی داخل گشتند و تخصیص بہ صد سال نہ دارند۔

بدانکہ در احادیث قدسی وارد است اِنَّ فِی جَسَدِ بَنِی اٰدَمَ لَمُضْغَۃً وَفِی المُضْغَۃِ فُؤادٌ وفی الفؤاد ضمیرٌ وَفِی الضمیر سِرٌّ وفی السِّرِّ خَفِیٌّ وفی الخَفِیِّ اَخْفیٰ وفی الاخفیٰ اَنَا۔ و در اخبار نبوی آمدہ است کہ اِنَّ فی جسدِ ابنِ اٰدَمَ لَمُضْغَۃً اِذا صلحت صلح الجسد کلہا و اذا فسدت فسد الجسد کلہا اَلَا وَھِیَ القَلْبُ۔ و این حدیث بالتصریح دال است بر آنکہ قلب در عالم اجساد ہمین مضغہ است کہ مظہر حقیقتِ جامعہ است ھٰذا عند الاکثر واما عند البعض مضغہ اشارت بہ قلب مدور است کہ اُمّ الدماغ است و در سر است۔

بدانکہ طریق موصل الی اللّٰہ بعدد انفاس خلائق است و از الجملہ طریقے کہ اقرب و اسہل است طریق علیہ نقشبندیہ است بواسطۂ التزام متابعتِ سنت سنیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ و اجتناب از بدعت نامرضیہ چہ ایشانند کہ نہایت در بدایت ایشان مندرج گشتہ است و حضورِ ذات و آگاہی ایشان دوام پیدا کردہ۔ آرے درین طریق کہ معمولِ صحابہ کرام است علیہم الرضوان افاضہ و استفادہ انعکاسی است و

صحبت و محبت شیخ مقتدا بارعایت آداب کافی۔ و اذکار و اشغال جمد ہست و معاونات ہست و بس ریاضتے کہ درین طریق مفید ہست اتباع سنت سنیہ ہست فحسب
بدانکہ اول یاد کردن ہست و آن عبارت ہست از تکرار اسم ذات در محلہائے لطائف خمسہ بہ این طریق کہ اولاً زبان را بکام چسپاند و بجمیع ہمت متوجہ قلب صنوبری کہ در پہلوئے چپ واقع ہست کردہ و لفظ مبارک اللہ کہ اسم ذات ہست در دل بہ طریق خطرہ بگذارد و بہ زبان دل این لفظ معظم بگوید بے آنکہ صورت دل را تصور کند و نفس را بند نہ کند بلکہ بطور خودی آوردہ باشد و از اسم معظم ملاحظۂ ذات بیچون و بیچگون تواند کرد و بہیچ صفت ملاحظہ نہ نماید تا از علوئے ذات بہ حضیض صفات تنزل نہ نماید و از تنزیہ ذاتی بہ تنزیہ صفاتی نہ گراید۔ چون درین ذکر قلب ملکہ حاصل شود و یاد حق بدل صفت ذاتیہ سالک شود۔ یعنی چنانچہ سامعہ را شنوائی و باصرہ را بینائی مثل غیر منفک ہست ہمچنین دل را یاد حق لازم بین گردد۔ پس متوجہ بہ دستور گذشتہ بجانب محل روح کہ در زیر پستان راست کہ محاذی دل ہست گردد و اسم ذات بہ زبان روح تکرار نماید تا آنکہ این ذکر نیز دوام یابد و صفت ذاتیہ گردد۔ پس بہ مقام سر کہ بفاصلہ چہار انگشت از دل بسوئے سینہ واقع ہست متوجہ بدستور سابق شدہ ذاکر سازد۔ پس بمقام خفی کہ بمقابلہ چہار انگشت از محل روح بہ طرف سینہ واقع ہست متوجہ شدہ ذاکر سازد۔ پس بمقام اخفی کہ در وسط صدر ہست متوجہ شدہ ذاکر بذکر اسم ذات سازد۔ پس بجانب دماغ کہ محل نفس و حواس ہست متوجہ شدہ ذاکر سازد۔ پس بہ سلطان الذکر مشغول شود۔ و آن عبارت ازین ہست کہ دم دراز کشد

www.maktabah.org

و در وقت از کشیدن دم ذکر را در ہمہ محلہاے مذکورہ ملاحظہ نماید تا آنکہ این ذکر در تمام بدن جاری گردد بلکہ در خارج نیز پیدا گردد و صفتِ ذاتی گردد و این را یادداشت اسمے نیز گویند۔

بدانکہ بعد از جاری شدن ذکر در لطیفۂ قلب نفی و اثبات نیز گفتہ باشد باین طریق کہ نفس از ناف بردارد و الف لا بہ تارک رساند و ہاے الٰہ بر دوشِ راست و ہاے اِلّا اللہ بر دل۔ و طاق اختیار کند تا بست و یک بلکہ زیادہ بر آن یکدم بگوید لیکن طاق باشد نہ جفت۔ لہٰذا این را وقوفِ عددی گویند۔

بدانکہ۔ عالمِ کبیر کہ عبارت است از جمیع مکونات چہ عالمِ امر و چہ عالمِ خلق۔ پنج از آن عالمِ خلق است کہ نفس و عناصر اربعہ باشد۔ و پنج از آن عالمِ امر کہ قلبِ کُل و روحِ کُل و سرِّ کُل و خفیِ کُل و اخفیٰ کُل باشد۔ چنانچہ اصولِ عناصر در عالمِ خلق است ہمچنان اصولِ لطائفِ خمسہ فوقِ عرش در عالمِ امر است۔ و عرش منتہاے عالمِ خلق است و فوقِ آن مقامِ قلب است و فوقِ آن رُوح و قس علیٰ ہذا۔ و عالمِ صغیر عبارت از انسان است کہ مرکب از اجزاے عشرہ است چہ بعد از تسویہ قالب چیزے از ہر لطیفہ از لطائفِ خمسہ را تعشقے باین اجزاے عناصرِ جسمانی دادہ از فوق العرش فرود آوردہ درین مجموعہ جمع ساختہ تا کہ ہیئتِ وحدانی کہ نسخۂ جامع و بمثابہ فاتحۃ الکتاب است از کتابِ کائنات مرتب شد۔

بدانکہ این لطائفِ خمسہ کہ از عالمِ امر اند نہ داخل در جسد اند و نہ خارج

www.maktabah.org

ونہ متقلبند ونہ منفصل بلکہ معیتی دارند با تمام جسد و توابع آن۔ لیکن چون بعضے اجزاے جسد را مظہریت زیادہ بر بعضے دیگرست و تفاوت در مظہریت آنہا نیز متفاوت است بتفاوتِ استعدادِ سالکان لہٰذا بعضے مقام روح برائے تسہیل امر بر طالبان در زیرِ پستان راست کہ مقابل زیرِ پستانِ چپ مقامِ قلب است مقرر کردند علیٰ ہٰذا القیاس برائے رعایتِ سالکان مقام ذکر سرّ بمقابلہ چہار انگشت از مقام قلب کہ اسرار را با قلوب مناسبتِ تام است مقرر کردہ اند و از مقابل آن کہ بفاصلہ چہار انگشت از مقام روح بجانب صدر باشد مقام خفی مشخص کردہ اند و مقام اخفیٰ در صدر کہ کنز الرحمٰن است مقرر نمودہ اند و بعضے سالکان بموجب تفاوتِ استعدادِ خود ہا مقام سرّ در وسط صدر مقرر کردہ اند و قولِ بزرگان کہ صدور الابرارِ کنوزُ الاسرارِ دلیل یافتند و خفی را در پیشانی و اخفیٰ را در فرقِ سر مقرر ساختند و نفس را در زیرِ ناف مقامِ معین یافتند و حدیث اعدیٰ عدوک نفسک التی بین جنبیک دلیل یافتند و در طریقِ سابقہ مقام نفس در سر است برائے آنکہ اخر ما یخرج عن رؤسِ الصدیقین حب الجاہ پس ہرگاہ حب جاہ کہ صفتِ ذاتیہ نفس است در سر باشد اغلب کہ موصوف آن نیز در ہمانجا باشد فتامل۔ و بعضے حضرات مقام خفی در سوادِ اعظم کہ منشا سواد العین مشخص نمودہ اند و مقامِ اخفیٰ در قفا کہ در پس نقطہ سویدا ے ام الدماغ مشخص کردند فافہم و اگر بعضے حضرات این لطائف را مکانے مشخص نہ فرمودہ اند دمی فرمودند کہ با مکانیند و بے مکانیند بمعنی کہ نہ از قبیلِ معیتِ مکان یا مکان است بل بمعنی

کہ بے کم و کیف است فافہم

بدانکہ اصل لطیفۂ قلب تجلی فعل و تکوین حق است یعنی افعال را با آثار ہا منسوب بحق می یابد و بس و بعلم وجدانی معلوم نماید کہ لا فاعل غیر اللہ و فنائے قلب در نیجا رسید و علامت او آن است کہ تعلق علمی و حبی بہ غیر حق نماند یعنی ماسوی بنوعے فراموش از دل او شود کہ اگر عمرہا بہ تکلف خواہد کہ ماسوائے حق را بخاطر بگذراند نتواند در خاطر گذرانید۔ چنانچہ علم اشیا را از وے زائل شدہ است حب اشیا و نیز بطریق اولی زائل شدہ باشد و لون قلب را زرد مقرر کردہ اند۔ چون سالک بفنائے قلب می رسد داخل اولیاء اللہ می شود و این لطیفہ زیر قدم حضرت آدم است علی نبینا و علیہ السلام۔ پس ہر کہ آدمی المشرب است وصول او بحق تعالیٰ از راہ ہمین لطیفہ خواہد بود۔

و نیز بدانکہ اصل لطیفۂ روح صفات ثبوتیہ حق است کہ یک قدم از مرتبۂ فعل بحضرت ذات اقرب است۔ سالک بعد حصول فنائے لطیفۂ روح ہمہ صفات ثبوتیہ بحق تعالیٰ منسوب خواہد یافت و بعلم وجدانی معلوم خواہد کرد کہ لا حیی ولا علیم ولا مرید الا اللہ تعالیٰ و نحوھا۔ و لون این لطیفہ نور سرخ مقرر کردہ اند و ولایت این لطیفہ زیر قدم حضرت ابراہیم است کہ ہر کہ ابراہیمی المشرب است از راہ ہمین لطیفہ بحق سبحانہ خواہد رسید و صاحب این مشرب را استعداد دو درجہ از ولایت بیگانہ است الا بقسمی قاسی۔

و نیز بدانکہ اصل لطیفۂ سر صفات سلبیہ است کہ یک قدم از مرتبۂ صفات ثبوتیہ بحضرت ذات اقرب ہستند و بعد حصول فنائے این لطیفہ صفات سلبیہ بحق تعالیٰ منسوب

www.maktabah.org

می باشد و بعلم و جدانی می یابد هُوَ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ۔ و نحو ذلک فافہم
و نور این لطیفہ سفید مقرر کردہ اند۔ و ولایت این لطیفہ زیرِ قدم حضرت موسیٰ علیہ السلام است
و صاحب این لطیفہ ولایت از یکگانہ طے کردہ الا بقسمے قاصر۔

و نیز بدانکہ اصل لطیفہ خفی شیونات ذاتیہ است کہ یک قدم بذات اقرب است
و نور این لطیفہ سیاہ مقرر کردہ اند و ولایت این لطیفہ زیرِ قدم حضرت عیسیٰ علیہ السلام است۔ ہر کہ
عیسوی المشرب است راہ وے بجانب قدس از ہمین لطیفہ خواہد بود۔ صاحب این
ولایت صاحب چہار درجہ ولایت از یکگانہ خواہد بود الا بقسمے قاصر و مناسبت
تمام بہ حضرت اجمال دارد۔

و نیز بدانکہ اصل لطیفہ اخفیٰ مرتبہ الیست کہ کالبرزخ است در میان مرتبہ تنزیہی
و در میان احدیت مجرد و فنائے این لطیفہ مربوطہ بہ تجلی ہمان مرتبہ مقدسہ است و نور این
لطیفہ را سبز مقرر کردہ اند۔ و ولایت این لطیفہ زیرِ قدم حضرت خاتم الرسل است علیہ و علیہم
الصلوٰۃ والسلام۔ صاحب این مشرب را بالذات استعداد حصول مراتب پنجگانہ از ولایت است
بدانکہ از حضرت شیخ[۱] منقول است کہ ادائے نماز صبح در وقت غلس مثمر فنائے اخفیٰ
است فاحفظ

و نیز بدانکہ این لطائف خمسہ جزئی را بہ لطائف کلی برسانند و بلطائف کلیہ بیاد دار
مسمّیٰ متوجہ باشد۔ یعنی مسمائے اسم اللہ را بے کیف و بے واسطہ لفظ و معنی متوجہ شود تا حضور بہم رسد

---

[۱] یعنی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ

وشہود و نور مسمائے میسر گردد۔

ونیز بدانکہ انچہ دریجا مکشوف ومشہود می گردد فی الحقیقت ظلال اسمائے الٰہی است وایں ظلال را نہایتے نیست۔ بسا سالک ظلال را اصل دانستہ بہ معبودیت پرستیدند اعاذنا اللہ سبحانہ من ذٰلک

نیز بدانکہ نورِ نفس بعد از تزکیہ بے رنگ و بے کیف است فافہم۔

ونیز بدانکہ عروج لطائفِ خمسہ کلیہ تا دائرہ اولی از سہ دوائر ولایت کبرے کہ متضمن سہ دائرہ ویک قوس است خواہد بود۔ چون ازان ترقی واقع شود معاملہ بالنفس خواہد افتاد و فنائے اتم و بقائے اکمل و اطمینان نفس و انشراح صدر و اسلام حقیقی وارتقاء بہ مدارج رضا واقع خواہد شد۔ وچون ازان مقام نیز ترقی واقع شود معاملہ با عنصر ناری و عنصر ہوائی و عنصر آبی خواہد افتاد۔ وچون ازان مقام نیز ترقی واقع شود معاملہ بہ اجزائے ارضی کہ در کمالاتِ نبوت است خواہد افتاد۔ وچون ازان مقام نیز ترقی واقع شود در ہیئت و حدانی کہ در حقیقت کعبہ است معاملہ خواہد افتاد۔ وچون ازان مقام نیز ترقی واقع شود در کمالاتِ رسالت و عارفیت و محبوبیت و خاتمیت و حقیقتِ قرآنی و حقیقتِ صلوٰۃ و معبودیتِ صرفہ و ذاتِ بحت سیر خواہد افتاد کو نظری باشد فی الاخیرین۔

ونیز واضح باد کہ انچہ نوشتہ شد در قربِ ولایت است و الا در قرب نبوت کہ اقرب راہہا است نسیان ماسوی اللہ و سلب افعال و سلب صفات و نحو ذٰلک فی ما حاصل است ماسوا ابیند و بداند حسب او را در خاطر جا ندہد و صفات و افعال را از خود عاریت بیند

والامانات عاریتی را بصاحب امانات بسپارد تا فنائے درست حاصل آید پس لباس امانات عاری پوشیدہ بعدل در عناصر و بعبدیت ذات الٰہی علی وجہ الاستواء مشغول باشد و اعلائے کلمۃ اللہ تعالیٰ والشفقۃ علی خلق اللہ والدعوۃ الی اللہ واتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم در پیش گیرد۔

فائدہ۔ باید کہ در گفتن لا الٰہ ہمہ لطائف آفاقی و انفسی وہمہ اصولِ لطائف کہ ظلال اسمائے الٰہی ہست وہمہ اصولِ اصول کہ صفاتِ سلبی وشیونی است وہمہ شیوناتِ ذاتی وہمہ اعتباراتِ ذاتی وہمہ ہیئت وجدانی وہمہ حقائق را در تحتِ لا بیارد و الا اللہ گویان توجہ باحدیتِ مجردہ بل بذات بحت کہ تجرد است و تجردات از تجردات نیز در انجا معطل است نماید و محمد رسول اللہ گویان غاشیۂ عبدیت و بندگی و متابعت سر افگندگی با رعایتِ اعتدال در عناصر پرورش گیرد کہ این راہ راہ اقرب بہ قرب نبوت ہست فافہم

و درین راہ غیر از اتباع بشرع محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام ریاضتے نیست و بغیر از صحبت با مرشد کامل مکمل و یا دوستان معنوی و بغیر از اعلائے کلماتِ الٰہی خالصاً لوجہ اللہ تعالیٰ دوائے و شغلے نہ۔ این ہماں راہ است کہ بعد از تابعین و تبع تابعین رو بانتشار آوردہ بود۔ بعد از مضی ہزار سال باز بظہور آمد طوبیٰ لمن وجدھا ولمن ھداھا

دیگر بدانکہ فنائے کہ در قرب نبوۃ است جدا است و فنائے کہ در ولایت کبریٰ است بر وظلال یا اصول جدا است و فنائے کہ در فنائے لطائف خمسہ ہست جدا۔ فافہم۔

www.maktabah.org

عالم کبیر یعنی کائنات




بدانکہ اجمال شروع بہ تفصیل
سیر بہ طریق بیان دو دائرہ کہ اصل است
در وجدان نمودہ خواهد شد فافهم.

عالم صغیر یعنی انسان




بدانکہ انسان من حیث صورت حائل امور عشرہ جزئی است لکن بعد ردّ الفروع الی الاصول جامع اصول و فروع است و حاوی جزئیات و کلیات و ممتاز است بفوائد جزو ارضی و ممد اربع ہیئت بہ جدائی۔

بدانکہ بعضے از اولیاء ہر دو دائرہ را اوسع ساختہ اند چنانچہ عقل کل و عقل جزو و نفس کل و نفس جزو ہیولاے کل و ہیولاے جزو و طبیعت کلیہ و طبیعت جزئیہ و صورت کلیہ

www.maktabah.org

وصورتِ جزئیه و فعلِ مطلق و فعلِ مقید و مرتبهٔ سیادتِ کلیه و جزئیه و مرتبهٔ جامعیتِ کلیه و
جزئیه نیز داخل گردند. کلیه فی العالم الکبیر
وجزئیه فی الانسان من حیث الخلقه
وجامعیت فی الانسان الاکمل فرادی
فرادی و مجموعه مجموعه و بالوحدانیهٔ
العظمیٰ والوحدة الکبریٰ فافهم۔
ودریں مقام دوام ذکرِ خفی
وفناءِ ذکر و ذاکر در مذکور و کثرتِ
مراقبات و مشاهدات و اکتفاء فرائض و سنن مؤکده مقامِ اقطاب و اغواثِ
اولیاء است۔

دائرهٔ ولایتِ صغریٰ




بدانکه همیں ظلالِ اسماء مبادیِ تعیناتِ اولیاء است۔ چنانچه ذواتِ اسماءِ
واجبی مبادیِ تعیناتِ انبیاء است علیٰ نبینا وعلیهم الصلوٰة والسلام۔

بدانکه حق تعالیٰ را غنائے ذاتی است از عالم و عالمیان که اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ
الْعَالَمِيْنَ. و با وجود غنائے ذاتی او را صفاتے ثابت است که واسطهٔ فیوضِ کائنات است
بذواتها و ظلالها. چه اگر اسماء صفات نمی بود کائنات از کتمِ عدم به وجود نمی آمد و استفاضه
و افاضه اَنًا فَاَنًا بتوسطِ آنها است. پس وجود و ظهور و لوازمِ وجود و ظهور به آنها است
و واسطهٔ افاضه و استفاضه کلیه قیوم الزمان وقتی است و جزئیه کافه اولیا مدار النظام

www.maktabah.org

وانتظام عالم وعالمیان اند۔

بدانکہ ہر اسمے از اسماءِ الٰہی بمنزلہ کلی است وظلالے کہ پیدا از آنہا آمدہ اند بمنزلۂ جزئیات اند۔ پس ہر اسم کلی مبدأ تعین نبی است از انبیاء وہر ظلالِ جزئی مبدأ تعینِ ولی از اولیاء اللہ۔ وہر جزئی منسوب شود بسوے کلی خود این است معنی محمدی المشرب وموسوی المشرب وعیسی المشرب عند البعض۔ وطریق ہر یکے از اولیاء در وصول بجانبِ حضرتِ ذات طریق ہمان نبی است بالتبعیۃ الابقسر قاسر۔ ونزد مکمل اولیاء محمدی المشرب عبارت ازان جوانمرد است کہ از راہ حب بحوق او بحقیقۃ الحقائق می شود۔ پس سیر او در مافوق بحقیقۃ الحقائق ونزولِ او نیز در حقیقۃ الحقائق باشد فَہِمَ مَنْ فَہِمَ۔

ونیز بدانکہ متابعانِ انبیاء از کمالِ متابعت از جزئیت برمی آیند وبکلیت می رسند ولو بالتبعیۃ واز مرتبہ کلیۃ بکلی الکلیات کہ حقیقۃ الحقائق است نیز می رسند۔


ونیز بدانکہ ولی محمدی المشرب بکمالِ متابعت بمرتبہ می رسد کہ فوقِ مراتب ممنوعات است من وجہ اگرچہ از اصالت بہرہ ندارد۔

ونیز بدانکہ ہمہ انبیاء از راہِ مربیانِ خود کہ اسماءِ الٰہی اند وصول بخدائے تعالیٰ میسر دارند واز راہِ اسم اجمع کہ اللہ مربی آن سرور است صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم وصول دارند بالتبعیۃ۔ بدانکہ درمیانِ تبعیتِ انبیاء درین مرتبہ وتبعیتِ اولیای محمدی المشرب درین فرق بسیار است من وجہ چنانچہ درمیانِ تبعیتِ اولیاء درین مرتبہ واصالتِ انبیاءؑ در مراتبِ خود فرق است بیشمار من وجہ۔ مختصر آنکہ اگرچہ تابعان را بمتابعت در مرتبہ

حقیقة الحقائق چیزیست که بدست می آید فوقِ این مرتبہ ہست کہ بالاصالة متبوعان را بدست می آید لیکن المتبوع متبوعٌ والتابع تابعٌ۔

و نیز بدانکہ برآمدن از اسمِ کلی کہ مربیِ نبی اوست بجذبۂ محبت حقیقتِ محمدی علیٰ صاحبها الصلوٰة والتحیہ کہ اجمع ہمہ کلیات ہست محقق ہست و اطلاع یافتن بر کلیاتِ دیگر نیز بوساطتِ حقیقة محمدی ممکن و این از قبیلِ وصول از جزئی بکلی ہست چرا کہ ہمہ کلیات کہ مبادیِ تعیناتِ انبیاء ہست جزئیاتِ حقیقت محمدی ہست نہ از قلبِ حقائق۔ فلا تحذر.

دائرۂ ولایتِ کبریٰ




سیرِ ولایت سائر اولیا تا دائرۂ اولیٰ ہست و بس.

بدانکہ مراد بہ اسماء و صفات درینجا صفاتِ ثبوتیہ زائدہ ہست نہ صفاتِ ثمانیہ و صفاتِ سلبیہ۔ و دو دائرہ و یک قوس در ولایتِ انبیاء ہست علیٰ نبینا و علیہم السلام۔

بدانکہ چون سالک درآمانات بہ وصول خود و عدمِ جزئی خود لعلم صرف کلی بمسائلہ عین ماند او را نہ اثر و نجات از وہم و از آفاق و انفس و از ظلال بالکل بحصول پیوست۔ پس تجلی ترقی کہ در ولایتِ صغریٰ منتہی بہ وقتی بود درین مقام دائم ہست سر اندراج نہایت دیگران در بدایتِ نقشبندیہ این ہست۔

و این مدام کہ ارباب ولایتِ صغریٰ را موعود بہ فردا ہست ولایتِ کبریٰ را نقدِ وقت درین نشأة ہست بیقین کہ موعودِ ایشان فوق الفوق۔ و درین مقام فنائے و بقائے کہ حاصل می شود اصل فنائے اتم و بقائے اتم ہست و تجلیِ حقیقی فعل و صفت و ذات درینجا ہست و نفس را اطمینان و صدر را انشراح دار تعاقب امرِ رضا و سلطنتِ نفسِ مطمئنہ بر تختِ صدر درین مقام ہست۔ بدانکہ درین فنا ست

هر چند فنای نفس و اطمینان او حاصل شد لکن جهاد با عناصر قلب باقی است.

دائرهٔ ولایت علیا




بدانکه در ولایت علیا سیر در اسم باطن است چنانچه در ولایت کبریٰ سیر در اسماء ظاهر است یعنی در ولایت کبریٰ سیر مثلاً علم و قدرت و اراده واقع است و در ولایت علیا سیر در العلیم والقدیر والمرید مثلاً واقع است. و وسعت صفات را بدون ملحوظیت ذات با وسعت ملحوظیت صفات هیچ نسبت نیست بلکه تفاوت بسیار است. بدانکه این ولایت علیا را که ولایت ملائکهٔ ملاء اعلیٰ فوقیت است بر ولایت انبیاء که ولایت کبریٰ است نه افضلیت. چرا که صاحب ولایت تحتانی را عروجات بر حقیقت ولایت فوقانی واقع می شود. و صاحب حقیقت ولایت علیا محبوس بر همان حقیقت نماند. چنانچه در شرح مواقف[1] مذکور است چنانچه فضل عنصر خاک را است هر چند عناصر دیگر را علو است پس ولایت مذکوره را تفوق است نه افضلیت الفضل والافضلیت للانبیاء علی نبینا وعلیهم السلام







---

[1] سید شریف علی بن محمد جرجانی (المتوفی سنه ۸۱۶ھ) این شرح مواقف فی علم الکلام در [illegible] نوشت.

دی را

وانکشاف مقطعات قرآنی ومتشابهات ورای تاویلات درینجا است۔

بدانکه نبوة مخصوص به انبیاء است علی نبینا وعلیهم السلام۔ وکمالات نبوت بالاصالت نیز مخصوص به الیشان است امّا بالتبعیة بعضے افراد امت مرحوم آن سرور صلی الله علیه وآله وصحبه وسلم را نیز میسر است۔ وکمالات ولایات ثلثه نسبت به کمالات نبوت بمشابهٔ قطره نسبت به دریاے محیط است وعارفے که درین مقام می رسد مومن به ایمان غیب حقیقی است واز علماے راسخین است واز اعتدال عناصر قالب آنها حکم بدنِ اخروی می گردد۔ ودرین جا صعود درحق ودر هبوط بالکل رد بخلق است چراکه نگرانی به فوق نمانده است۔ ودرین هبوط عنصر خاکی پائین تر وافضل است واتم

بدانکه تفاوتے که به این مقام واقع است به اعتبار ترقیات وتنزلات ودرمقامات است۔ بگمانکه صاحب مقام اسفل راقربے باشد که صاحب مقام اعلیٰ را نبود۔ چنانچه حضرت نوح فائق است بر حضرت ابراهیم با عتبار الیشان و سافل است من حیث المقام۔ کذالک الاولیاء۔ ایضاً بدانکه هرچند درین مراتب افراد ذات از اسماء وصفات وشیونات است واز اسم الظاهر والباطن متعالی است لکن هنوز ذات بحت بسیار دور است فافهم۔

دائرۂ کمالات رسالت
صاحب آن مقام متوجه است برآن و اخذ می کند از حضرت ذات بالاصالت اگرچه این مرتبه از تبعیت یافته باشد لیکن می کند از جزئیات وتصرف می کند در آنها باذن الله تعالیٰ

دائرہ کمالات اولوالعزم
صاحب این مقام مجاهد است بجهاد جسمانی وتصرف در خلق الله بالله

دائرہ کمالات اولوالعزم وصاحب این کمالات

بکمال تمکین فی عین التلوین منعوت است، ودرین مقام اقربیت ذاتِ تعالیٰ معدوم الکیفیت است


چنانچه در کمالاتِ نبوت مجہول الکیفیت بوده است۔ ومحبت درین مقام بمعنی ارادۀ طاعت وشفقت بر خلائق است چنانچه علمای شریعت مقرر نموده اند فافهم۔




چنانچه خاتم الرسل صلی الله علیه وآله وسلم خاتم مراتبِ رسالت ومراتبِ نبوت است صاحب کمالاتِ خاتمیت که از افرادِ امت باشد خاتمِ ولایات وکمالات وحقائق واسرار ومعارفِ محمدی صلی الله علیه وآله وسلم ودرین مرتبه تمکین است نه تلوین۔




بدانکه اصل منصب قیومیت شعبه ایست از تبعیتِ کمالاتِ خاتمیت وانچه قبل از وصول به کمالاتِ خاتمیت منکشف می شود بمنزلۀ ظلال وعکوس قیومیت است نه عینِ آن۔




www.maktabah.org

بدانکہ درین ہر دو مرتبہ صور صفات ثمانیہ متجلی می شود چنانچہ در مرتبہ اول صور علمیہ آنہا منکشف می گردد۔ فافہم۔

دائرہ حب عشق
تعشق بہ آن سرور ہست صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من حیث کلہا الاسمین المبارکین علیہ الصلوٰۃ والسلام

دائرہ تعین وجودی
واین مرتبہ ثانی ہست از مراتب حقیقۃ الحقائق

دائرہ
تعین حبی واین مرتبہ ثالث ہست از مرتبہ حقیقۃ الحقائق

دائرہ حقیقت
کعبہ ربانی حضرت بیچون درین مرتبہ متجلی بذات من حیث عظمت وکبریائی حقیقی ہست وہمین ہست مرکز در عالم کبری چنانچہ مضغہ است در عالم صغری

بدانکہ منشاء ہمہ تجلیات ذاتیہ عین نور صرف ہست کہ مسجود جمیع آمدہ واصل ہمہ تجلیات ذاتیہ شدہ۔ پس ہر گاہ ملجاء ہمہ تجلیات ذاتی باشد از مسجودی دیگران چہ ستودہ آید فافہم وصول باین مقام از راہ تفصیل ہست وبس کہ سلوک وجذبہ درینجا بال وپر شکستہ فافہم۔

دائرہ حقیقت قرآنی
کہ نور اطلاق صرف نیز درین مرتبہ گنجایش نہ دارد ومگر عند النزول ملکہ مبداء غر وسعت بیچونی وامتیاز بیچگونی ہیچ چیز را گنجائی نیست

بدانکہ در کلام اللہ باوجود اجمال تفصیل ثابت ہست ووسعت وتمیز نیز کائن یعنی باوجود لبساطت امر از نہی ووعد از وعید ممتاز ہست باتیان نے کہ مبرا ست از ادراک غیر واجمال وتفصیل نیز از ہمین قبیل است۔

www.maktabah.org

دائرهٔ فاتحة الکتاب که نصف اولیٰ
بیانِ الوہیت و ربوبیت است
نصف ثانی
مشترک بین اللہ و بین العبد نصف سوم
بیانِ عبدیت و ہدایت علیا
و محبت عظیٰ

دائرهٔ مقطعات قرآنی
که اسرار است بین المحب و المحبوب
بلا واسطه هفت متشابهات
قرآنی که رموز است بین المحب
والمحبوب فافهم

دائرهٔ بسم اللہ
الرحمٰن الرحیم که مشتمل است بر ہمہ اسماء
توریۃ و انجیل و زبور و بر اسماے دیگر
و حاوی تمام اسرار قرآن مجید
و فاتحۃ الکتاب است

دائرهٔ بار بسم اللہ
الرحمٰن الرحیم متن تو ضیح
بائہٖ ما فعه اللہ
الیہٖ

دائرهٔ نقطهٔ باء
اسم که اصل حقیقة الحقائق
است و بس


دائرهٔ صباحت
مرجع این حسن ذات
کمالات حضرت ذات
است

دائرهٔ ملاحت
مرجع این حسن ذات
صرفِ ذات است
فافهم

دائرهٔ صلوٰة درین
مقام غیر از وسعت بیچونی و
امتیاز بے چگونی گر فہم کمال
است تعبیر نمی توان کرد

بدانکه این مرتبہ بنسبت بہ اصل
الاصل وارد و حقائقِ سابقہ ہمہ اجزاے اوست
و حقیقتِ قرآنی جزو این حقیقت است از ین جہت

او مبدأ وسعت بے چونی است وصلوٰۃ کمال وسعت بے چونی مرتبہ صلوٰۃ درین مقام بمشابہ رؤیت است درمخفی بر قرۃ عینی فی الصلوٰۃ و أرحنا یا بلال۔ و الصلوٰۃ معراج المؤمن و اقرب مایکون العبد من الرب فی الصلوٰۃ ازین جا است فافهم۔




بدانکہ قدم را اصلا درین مرتبہ گنجائش

کہ بقت یا محمد ان ربک یصلی

اشارہ بہ منع وصول قدمی است بللہ الحمد

والمنۃ کہ مرنظری را منع نہ فرمودہ اند بلکہ وسیع

ساختہ اند فافهم




ہفت درجہ متابعت درین مقام

دست می دہد و تابع حکم متبوع درین مقام می گیرد

کہ گویا از یک مشرب آب می خواہد۔ فافهم

و سر لقبیہ از احمد محمدی بودن درین مقام منکشف

می گردد۔ صلی اللہ تعالٰے علی سیدنا محمد و آلہ وصحبہ وسلم۔

تمام شد

www.maktabah.org

www.maktabah.org

# رسالہ سلوک فارسی کا

## اردو ترجمہ

www.maktabah.org

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ والسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ ۔

بعد حمد و نعت کے واضح ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے فرمایا:

ان اللہ یبعث لھذہ الامۃ علی راس کل مائۃ سنۃ من یجدد لھا دینھا (رواہ ابو داودو الحاکم والبیھقی)

(بیشک اللہ تعالیٰ اس امت کے لیے ہر سو ۱۰۰ کے اختتام پر ایسے شخص کو مبعوث فرماتا ہے جو اس کے لیے اس کے دین کی تجدید کرتا ہے۔ ابو داؤد، حاکم بیہقی)

(اس حدیث میں) لفظ "مَن" سے مراد جماعت ہے اور علمائے ظاہری کے نزدیک اس سے مراد مفسّرین، محدثین اور فقہا کی جماعت ہے جو کمال اتباع کے باعث متبوعیت کے درجہ کو پہنچ گئی ہے۔ یہ حضرات دین متین کی سربلندی کلیات سے جزئی مسائل کے استخراج اور تمام مخلوقات میں اس کی اشاعت کا باعث ہیں۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس قسم کے علماء ہر زمانہ میں موجود نہیں رہے ہیں۔ علمائے باطنی کے نزدیک اس سے مرادہ وہ جماعت ہے جو کمال تقلید کے ذریعے تحقیق کے مرتبہ پر فائز ہوئی۔ یہ حضرات اللہ بزرگ و برتر تک پہنچنے اور پہچانے کے سلسلے میں خصوصی تہذیب و تربیت پر مقرر ہوئے۔ اولیاء کی یہ جماعت بھی علمائے ربانی کی جماعت ہے ہر زمانہ میں موجود نہیں رہی ہے۔ لیکن وہ مخصوص ذات جو کمالات صوری و معنوی کو جامع ہو اور ظاہری و باطنی مراتب کا وارث ہو بالاتفاق مجددی ہوگا۔ اور یہ حدیث کہ:

لا یزال من امتی امۃ قائمۃ بامر اللہ تعالیٰ لا یضرھم من خذلھم و لا من خالفھم حتی یاتی امر اللہ وھم

ہمیشہ میری امت میں سے ایک گروہ اللہ کے امور پر قائم رہے گا اس کی مخالفت کرنے والے اور اس کو چھوڑنے والے اس کو نقصان

www.maktabah.org

علی ذلک — نہ پہنچا سکیں گے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا امر آ جائے گا اور وہ لوگ اسی حال میں ہوں گے

علمائے صوری کے نزدیک جو کچھ ہے اسی کو تمام علمائے شریعت وطریقت پسند کرتے ہیں جو مرتبہ تحقیق پر فائز ہوئے ہیں اور ۱۰۰ سال کی خصوصیت نہیں رکھتے ہیں۔ اسی طرح علمائے معنوی کے نزدیک تمام اولیاء (ابرار واخیار، ابدال واقطاب واعدات وغیرہم) مراد ہیں جو مشرب محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے درجہ تک پہنچے ہوئے ہیں اور سو سال کی خصوصیت نہیں رکھتے۔

واضح ہو کہ احادیث قدسی میں وارد ہے کہ:

ان فی جسد بنی آدم لمضغة وفی المضغة فوادوفی الفواد ضمیر وفی الضمیر سرّ وفی السرّ خفی وفی الخفی اخفیٰ وفی الاخفیٰ انا — بیشک بنی آدم کے جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے اور گوشت کے ٹکڑے میں فواد ہے اور فواد میں ضمیر ہے اور ضمیر میں سرّ ہے اور سرّ میں خفی ہے اور خفی میں اخفیٰ ہے اور اخفیٰ میں ہوں۔

اور احادیث نبوی میں وارد ہوا ہے کہ:

ان فی جسد آدم لمضغة اذا صلحت صلح الجسد کلها و اذا فسد ت فسد الجسد کلها الا وھی القلب — بیشک بنی آدم کے جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے کہ اگر وہ صحیح ہو تو سارا جسم صحیح رہتا ہے اور اگر وہ فاسد ہو تو سارا جسم فاسد ہو جاتا ہے آگاہ ہو جاؤ وہ قلب ہے۔

یہ حدیث صراحۃً اس پر دلالت کرتی ہے کہ عالم اجساد میں قلب وہی مضغہ ہے جو

www.maktabah.org

حقیقت جامعہ کی مظہر ہے۔ یہ تو اکثر کے نزدیک مراد ہے۔ لیکن بعض کے نزدیک اس سے اشارہ قلب مدوّر یعنی امّ الدماغ کی طرف ہے جو کہ سَر میں ہے۔

تم جان لو کہ اللہ تعالیٰ کی طرف پہنچانے والے طریقوں کی تعداد مخلوقات کے سانسوں کی تعداد کے برابر ہے۔ منجملہ ان کے جو طریقہ سب سے زیادہ قریب اور سہل ہے وہ اتباع سنت سنّیہ (علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ) اور بدعت ناپسندیدہ سے اجتناب کی وجہ سے نقشبندیہ کا طریقہ علیہّ ہے۔ کیونکہ یہی حضرات ہیں جنھوں نے نہایت کو بدایت میں داخل کردیا ہے۔ اور ان کے حضور ذات اور آگاہی نے دوام پیدا کیا ہے۔ ہاں اس طریق میں جو صحابۂ کرام علیہم الرضوان کا معمول ہے فیض رسانی اور استفادہ انعکاسی ہے۔ اور شیخ مقتدا کی صحبت و محبت، آداب کی بہت رعایت، اور اذکار و اشغال صرف مددگار اور معاون ہیں ورنہ اس طریق پر۔۔۔ یاضت مفید ہے وہ صرف سنت سنّیہ کا اتباع ہے۔

واضح ہو کہ پہلے تو یاد کردہ ہے۔ اس سے مراد ہے لطائف خمسہ کے محل میں اسم ذات کا اس طور پر تکرار کرنا کہ پہلے زبان کو تالو سے چپکائے اور پوری ہمت کو قلب صنوبری کی طرف متوجہ کرے جو کہ بائیں پہلو میں واقع ہے اور اللہ کا مبارک لفظ جو کہ اسم ذات ہے دل میں خیال کے طور پر گزارے اور زبانِ دل سے یہ عظیم لفظ کہے بغیر اس کے کہ دل کی صورت کا خیال کرے۔ سانس کو بند نہ کرے بلکہ سانس اپنے طور پر لیتا رہے۔ عظیم نام سے ذات بیچون و بے چگون (بے مثل ذات) کا ملاحظہ کرسکتا ہے۔ کسی صفت کا لحاظ نہ کرے تاکہ ذات کی بلندی سے صفات کی پستی کی طرف تنزلی نہ ہو اور تنزیہ ذاتی سے تنزیہ صفائی کی طرف مائل نہ ہو۔ جب قلب کے اس ذکر میں ملکہ حاصل ہوجائے اور یاد حق دل میں سالک کی صفت ذاتیہ ہوجائے یعنی جس طرح قوت سامعہ کے لیے سننا اور قوت باصرہ کے لیے دیکھنا جدا نہ ہونے والی چیز کی طرح ہے اسی طرح دل کے لیے یاد حق لازم ہوجائے۔ پھر

www.maktabah.org

مذکورہ طریقہ کے مطابق محل روح کی طرف متوجہ ہو جو دائیں پستان کے نیچے اور دل کے آمنے سامنے ہے اور اسم ذات کا تکرار روح کی زبان سے کرے یہاں تک کہ یہ ذکر بھی دوام حاصل کر لے اور صفت ذاتیہ بن جائے۔ پھر مقام سرّ کی طرف مذکورہ طریقہ کے مطابق متوجہ ہو جو کہ دل سے سینہ کی طرف چار انگلی کے فاصلہ پر ہے اور ذکر کرے۔ پھر مقام خفی کی طرف متوجہ ہو کر ذکر کرے جو محل روح سے سینہ کی طرف چار انگلی کے فاصلے پر ہے پھر مقام اخفیٰ کی طرف متوجہ ہو کر اسم ذات کا ذکر کرے جو کہ سینہ کے وسط میں ہے پھر ماغ کی طرف جو کہ نفس وحواس کا محل ہے متوجہ ہو کر ذکر کرے پھر سلطان الذکر میں مشغول ہو۔ سلطان الذکر سے مراد یہ ہے کہ سانس کو لمبا کھینچے اور سانس لمبا کھینچنے میں ذکر کو ان تمام مذکورہ محل میں ملاحظہ کرے تاکہ یہ ذکر تمام بدن میں جاری ہو جائے بلکہ خارج میں بھی ظاہر ہو جائے اور صفت ذاتی بن جائے اور اس کو یادداشت اسمی بھی کہتے ہیں۔

واضح ہو کہ لطیفہ قلب میں ذکر جاری ہونے کے بعد نفی واثبات بھی کہنا چاہیے اس طریقہ سے کہ سانس ناف سے اٹھائے اور لا کی الف کو سرّ تک پہنچائے اور الٰہ کی ہا کو دائیں مونڈھے پر اور الا اللہ کی ہا کو دل پر پہنچائے اور طاق عدد میں ۲۷ کی تعداد تک یا اس سے زائد کرے۔ ایک دم کہے لیکن طاق ہو جفت نہ ہو۔ اس لیے اس کو وقوف عددی کہتے ہیں۔

واضح ہو کہ عالم کبیر سے تمام مکوّنات مراد ہیں خواہ وہ عالم امر سے ہو یا عالم خلق سے ہو۔ پانچ تو عالم خلق سے ہیں یہ نفس اور چاروں عناصر ہیں اور پانچ عالم امر سے ہیں۔ یہ قلب کلّ، روح کلّ، سرّ کلّ، خفی کلّ اور اخفیٰ کلّ ہیں جس طرح عناصر کے اصول عالم خلق میں ہیں اسی طرح لطائف خمسہ کے اصول عرش کے اوپر عالم امر میں ہیں اور عرش، عالم خلق کا منتہیٰ ہے اور اس کے اوپر قلب کا مقام ہے اور اس کے اوپر روح کا اسی طرح باقی کو قیاس کرلو۔

www.maktabah.org

عالم صغیر سے مراد انسان ہے جو ۱۰ اجزاء سے مرکب ہے اس لیے کہ قالب کو درست کرنے کے بعد لطائف خمسہ میں سے ہر لطیفہ کے کچھ حصہ کو ان عناصر جسمانی کے اجزاء کے ساتھ ایک محبت عطا کر کے عرش کے اوپر سے نیچے لائے اور اس مجموعہ میں جمع کیا یہاں تک کہ وہ ہیئت وجدانی ترتیب پا گئی جو کہ ایک جامع نسخہ اور کتاب کائنات میں بمنزلہ فاتحۃ الکتاب کے ہے۔

واضح ہو کہ وہ لطائف خمسہ جو عالم امر سے تعلق رکھتے ہیں وہ نہ تو جسم میں داخل ہیں اور نہ خارج ہیں اور نہ متصل اور نہ منفصل ہیں بلکہ تمام جسم اور اس کے متعلقات کے لیے معین و مددگار ہیں۔ لیکن چونکہ جسم کے بعد اجزاء کی مظہریت دوسرے اجزاء سے زیادہ ہے اور ان کی مظہریت میں تفاوت بھی سالکوں کی استعداد کے لحاظ سے ہے اس لیے بعضوں نے سالکوں کی سہولت کے لیے دائیں پستان کے نیچے روح کا مقام قرار دیا جو بائیں پستان کے نیچے مقام قلب کے مقابل ہے اسی طرح سالکوں کی رعایت کے لیے سرّ کا مقام قلب کے مقام سے چار انگلی کے فاصلہ پر قرار دیا کیونکہ اسرار کو قلوب کے ساتھ پوری مناسبت ہے۔ اور اس کے مقابل مقام روح سے سینہ کی طرف چار انگلی کے فاصلہ پر مقام اخفیٰ مقرر کیا۔ اور مقام اخفیٰ سینہ میں مقرر کیا جو کہ کنز الرحمٰن (رحمٰن کا خزانہ) ہے اور بعض سالکوں نے خود اپنی استعداد کے تفاوت کے مطابق سرّ کا مقام سینہ میں مقرر کیا ہے اور بزرگوں کے اس قول کو دلیل بنایا کہ صدور الابرار کنوز الاسرار (یعنی ابرار کے سینے اسرار کے خزانے ہیں) اور خفی کو پیشانی میں اور اخفیٰ کو سر کے درمیانی حصہ میں مقرر کیا اور نفس کا مقام ناف کے نیچے مقرر کیا۔ اور اس حدیث کو دلیل بنایا کہ اعدی عدوّک نفسک التی بین جنبک (تمہارا سب سے بڑا دشمن تمہارا نفس ہے جو کہ تمہارے دونوں پہلوؤں کے درمیان ہے) اور سابقہ طریقے میں نفس کا مقام سر میں ہے اس لیے کہ صدّیقین کے سروں سے آخری چیز

www.maktabah.org

جو نکلتی ہے وہ حب جاہ ہے۔اس لیے حب جاہ کی محبت جو کہ نفس کی صفت ذاتیہ ہے سر میں ہوتی ہے تو اغلب یہ ہے کہ اس کا موصوف (یعنی نفس) کا مقام بھی اسی جگہ میں یعنی سر میں ہو پس غور کرو۔

بعض حضرات نے خفی کا مقام سوادا عظم یعنی آنکھ کی پتلی کے منشاء کو مقرر کیا ہے اور مقام اخفیٰ پیچھے کی طرف یعنی امّ الدماغ کے پیچھے مقرر کیا ہے اور بعض حضرات نے ان لطائف کی کوئی جگہ متعین نہیں کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ لطائف با مکانی اور بے مکانی ہیں یعنی مکان کو مکان سے جس قسم کی معیت حاصل ہے اس قسم کی معیت نہیں ہے بلکہ اس معنیٰ میں ہے کہ یہ بے کم و بے کیف ہے۔

واضح ہو کہ لطیفہُ قلب کی اصل، حق کے فعل و تکوین کی تجلّی ہے یعنی سارے افعال کو صرف حق کی طرف منسوب پاتا ہے اور علم وجدانی کے ذریعے معلوم کرتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی فاعل نہیں اس جگہ فنائے قلب کا ظہور ہوتا ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ غیر حق کے ساتھ علمی یا محبت کا تعلق باقی نہ رہے یعنی ماسوی اللہ اس کے دل سے اس طرح فراموش ہو جائے کہ تکلف کے ساتھ زندگی بھر بھی ماسویٰ اللہ کا خیال دل میں لانا چاہے تو نہ لا سکے جس طرح اشیاء کا علم اس سے زائل ہو گیا ہے تو اشیاء کی محبت بدرجہ اولیٰ زائل ہو گئی ہو گی۔ نور قلب کا رنگ زرد مقرر کیا ہے۔ جب سالک فنائے قلب تک پہنچ جاتا ہے تو اولیاء اللہ میں داخل ہو جاتا ہے۔ اور یہ لطیفہ حضرت آدم (علی نبینا وعلیہ السلام) کے زیر قدم ہے۔ اس لیے جو شخص آدمی المشرب ہے وہ اسی لطیفہ کی راہ سے واصل بحق ہو گا۔

نیز جاننا چاہیے کہ لطیفہُ روح کی اصل، حق کے وہ صفات ثبوتیہ ہیں جو کہ فعل کے مرتبے سے ایک قدم حق تعالیٰ کے زیادہ قریب ہے۔

لطیفہ رُوح کے فناء کے حصول کے بعد سالک تمام صفات ثبوتیہ کو حق کی طرف

www.maktabah.org

منسوب پائے گا اور علم وجدانی کے ذریعے معلوم کرے گا کہ نہ کوئی زندہ ہے اور نہ کوئی عالم ہے اور نہ کوئی ارادہ کرنے والا ہے بجز اللہ تعالیٰ کے اور اس لطیفہ کے نور کا رنگ سرخ مقرر کیا ہے۔ اور اس لطیفہ کی ولایت حضرت ابرہیم علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔ جو شخص ابراہیمی المشرب ہے وہ اسی لطیفے کی راہ سے حق سبحانہ کی طرف پہنچے گا اور اس مشرب والے کی استعداد پنجگانہ ولایت سے دو (۲) درجہ ہے بجز اس کے کہ کسی کا غلبہ ہو۔

نیز جاننا چاہیے کہ لطیفہ سرّ کی اصل صفات سلبیہ ہیں جو صفات ثبوتیہ کے مرتبے سے ایک قدم حق تعالیٰ کے زیادہ قریب ہے اس لطیفہ کے فنا کے حصول کے بعد صفات سلبیہ حق کی طرف منسوب ہوتے ہیں اور سالک علم وجدانی کے ذریعے پاتا ہے کہ ھو الذی لیس کمثلہ شئی (وہ ذات ایسی ہے کہ اس کی مثل کوئی چیز نہیں ہے) اور اس لطیفہ کے نور کا رنگ سفید مقرر کیا ہے۔ اور اس لطیفہ کی ولایت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم ہے اور اس لطیفہ کا حامل ولایت پنجگانہ میں سے تین کو طے کر لیتا ہے بجز اس کے کوئی غالب ہو۔

نیز جاننا چاہیے کہ لطیفہ خفی کی اصل شیونات ذاتیہ ہیں کہ ذات سے ایک قدم زیادہ قریب ہے اور اس لطیفہ کا نور سیاہ مقرر کیا ہے اور اس لطیفہ کی ولایت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔ جو شخص کہ عیسوی المشرب ہے وہ قدس کی طرف راہ اسی لطیفہ سے پائے گا اس ولایت کا حامل ولایت پنجگانہ میں سے چار درجہ کا حامل ہوگا بجز اس کے کہ کوئی غالب آجائے۔ اور حضرت جمال سے اس کو پوری مناسبت ہوگی۔

نیز جاننا چاہیے کہ لطیفہ اخفیٰ کہ اصل وہ مرتبہ ہے جو مرتبہ تنزیہی اور احدیت مجرّد کے درمیان برزخ (حجاب) کی طرح ہے۔ اور اس لطیفہ کا فنا اسی مرتبہ مقدسہ کی تجلّی سے مربوط ہے اور اس لطیفہ کے نور کا سبز رنگ مقرر کیا ہے اور اس لطیفہ کی ولایت حضرت خاتم الرسل علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے۔ اور اس مشرب کے حامل کو بالذات

www.maktabah.org

ولایت کے پانچوں قسم کے حصول کی استعداد ہے، جاننا چاہیے کہ حضرت شیخ (یعنی حضرت مجدد الف ثانیؒ) سے منقول ہے کہ غلس (یعنی اندھیرے) کے وقت صبح کی نماز ادا کرنا فنائے اخفیٰ کا ثمر دیتا ہے۔ نیز تمہیں معلوم ہو کہ ان پانچوں لطائف جزئی کو لطائف کلی تک پہنچاؤ اور لطائف کلیہ کے ساتھ مسمّٰی کے یادداشت کی طرف متوجہ ہو جاؤ یعنی اسم اللہ کے مسمّٰی کی طرف بے کیف، اور لفظ و معنیٰ کے واسطہ کے بغیر متوجہ ہو جاؤ تا کہ مسمّٰی کا حضور اور مسمّٰی کا نور و شہود میسر ہو۔

نیز جاننا چاہیے کہ جو کچھ یہاں مکشوف و مشہود ہوتا ہے حقیقت میں اسمائے الٰہی کا ظِلّ (سایہ) ہے اور اس ظلّ کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ اکثر سالک، ظلّ کو اصل سمجھ کر اسی کی عبادت کرنے لگتے ہیں۔ (اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے پناہ میں رکھے)

نیز جاننا چاہیے کہ تزکیہ کے بعد نفس کا نور بے رنگ اور بے کیف ہے پس سمجھو نیز جاننا چاہیے کہ ولایت کبریٰ جو تین دائروں اور ایک قوس کو شامل ہے۔ لطائف خمسہ کلیہ کا عروج اس ولایت کبریٰ کے تین دوائر میں سے پہلے دائرے تک ہوگا۔ جب انسان اس سے ترقی کرتا ہے تو معاملہ نفس سے پڑے گا۔ اور فنائے اتم، بقائے اکمل، اطمینان نفس، انشراح صدر، اسلام حقیقی اور مدارج رضا تک ترقی واقع ہوگی اور جب اس مقام سے بھی ترقی واقع ہوگی تو معاملہ عنصر ناری، عنصر ہوائی اور عنصر آبی سے پڑے گا۔ اور جب اس مقام سے بھی ترقی واقع ہوگی تو اجزائے ارضی سے معاملہ پڑے گا۔ جو کمال نبوت میں ہے۔ اور جب اس مقام سے بھی ترقی واقع ہوگی۔ تو ہیئت وجدانی سے جو حقیقت میں کعبہ ہے معاملہ پڑے گا۔ ا جب اس مقام سے بھی ترقی واقع ہوگی تو رسالت، عارفیت، محبوبیت و خاتمیت اور حقیقت قرآنی اور حقیقتِ نماز اور معبودیت صرفہ اور ذات بحت میں سیر واقع ہوگی گو آخری دونوں میں وہ نظری ہو۔

www.maktabah.org

نیز واضح ہو کہ جو کچھ لکھا گیا وہ قرب ولایت کے متعلق ہے ورنہ قرب نبوت میں جو کہ قریب ترین راستہ ہے۔ ماسوی اللہ کا نسیان، افعال کا سلب، صفات کی نفی وغیرہ حاصل ہے۔ وہ ماسویٰ کو دیکھتا ہے اور جانتا ہے اور اس کی محبت کو دل میں جگہ نہیں دیتا۔ صفات و افعال کو اپنے اندر عاریت سمجھتا ہے اور عاریتی امانت کو امانتوں کے مالک تک پہنچاتا ہے تا کہ صحیح فنا حاصل ہو۔ پھر عاریتی امانتوں کا لباس پہن کر عناصر کے ساتھ عدل میں اور ذات الٰہی کی عبدیت میں ٹھیک ٹھیک طور پر مشغول ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا بول بالا کرنے اور اللہ کی مخلوق پر شفقت اور اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کو اختیار کرتا ہے۔

فائدہ:۔ چاہیے کہ لا الہ کہنے میں تمام لطائف انفسی و آفاقی، اور تمام اصول لطائف (جو اسمائے الٰہی ظلال ہیں) اور تمام اصول کے اصول (جو کہ صفات سلبی و شیونی ہیں) تمام شیونات ذاتی، تمام اعتبارات ذاتی، تمام ہیئت وجدانی اور تمام حقائق کو لا کے تحت لائے اور الا اللہ کہتے ہوئے احدیت مجرّدہ بلکہ ذات بحت کی طرف توجہ کرے جو کہ تجرّد ہے اور تجرّ دات سے تجرّد بھی وہاں معطل ہے اور محمد رسول اللہ کہتے ہوئے عبدیت و بندگی اور متابعت و سرافگندگی کی چادر کو عناصر میں اعتدال کی رعایت رکھتے ہوئے اپنے کاندھے پر ڈالے کہ یہ راہ قربِ نبوت کی قریب ترین راہ ہے۔ پس سمجھو۔

اس راہ میں شرع محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی پیروی کے سوا کوئی ریاضت نہیں ہے اور کامل و مکمل مرشد اور معنوی دوستوں کی صحبت اور اللہ تعالیٰ کی رضا مندی کے لیے اخلاص کے ساتھ اعلائے کلمۃ اللہ کے علاوہ نہ تو کوئی دوا ہے اور نہ کوئی شفا ہے یہ وہی راہ ہے کہ تابعین اور تبع تابعین کے بعد پوشیدہ ہونے لگی تھی۔ جو ایک ہزار سال گزرنے کے بعد ظہور میں آئی۔ خوشخبری ہے ان لوگوں کے لیے جنھوں نے اس راہ کو پایا اور جنھوں نے


www.maktabah.org

اس کی طرف رہنمائی کی۔

نیز جاننا چاہیے کہ جو فنا قرب نبوت میں ہے وہ الگ ہے۔ اور جو فنا ولایت کبریٰ میں ہے وہ جدا ہے اور جو فنا لطائف خمسہ (پانچوں لطائف) میں ہے وہ الگ ہے۔ پس سمجھو۔

تم جانو کہ اب سیر کی تفصیل دوائر کے طریقہ پر جو کہ آسانی سے سمجھ میں آجائے گی بیان کی جاتی ہے پس سمجھو:


عالم کبیر یعنی کائنات




www.maktabah.org

## عالم صغیر یعنی انسان

یہ وہ ہیئت وجدانی ہے کہ عالم خلق اور عالم امر کے دس اجزاء کی ترکیب سے حاصل ہوئی ہے۔




جاننا چاہیے کہ انسان صورت کے اعتبار سے دس امور کا حامل جزئی ہے لیکن فروع کو اصول کی طرف لوٹا دینے کے بعد وہ اصول وفروع کا جامع اور کلیات وجزئیات کو حاوی ہے اور جزء ارضی کے فوائد اور ہیئت وجدانی کے مدارج کے ساتھ ممتاز ہے۔

جاننا چاہیے کہ بعض اولیا نے دونوں دائروں کو اور زیادہ وسیع بنایا ہے۔ چنانچہ عقل کل، عقل جزء، نفس کل، نفس جزء، ہیولائے کل، ہیولائے جز، طبیعت کلیہ، طبیعت جزئیہ، صورت کلیہ، صورت جزئیہ، فعل مطلق، فعل مقیّد، مرتبہ سعادت کلیہ وجزئیہ، مرتبہ جامعیت کلیہ جزئیہ کو بھی داخل کیا ہے۔

اس کا کلی عالم کبیر میں ہے اور اس کا جزئی انسان میں خلقت کے اعتبار سے ہے اور انسان اکمل میں اجمعیت فرداً فرداً اور مجموعی طور پر ہے اور وحدانیت عظمیٰ اور وحدیت

www.maktabah.org

کبریٰ کے ساتھ ہے پس سمجھو۔ اور اس مقام میں ذکر خفی کا دوام، ذکر و ذاکر کا مذکور میں فنا، مراقبات و مشاہدات کی کثرت، فرائض و سنن موکدہ پر اکتفا اقطاب و اغواث کا مقام ہے۔

## دائرہ ولایت صغریٰ

اس دائرہ میں اسمائے واجبی کے ظلال ہیں اور لطائف خمسہ کے وصول، اصول کی حقیقت ہے۔ توحید وجودی، توحید شہودی، سماع و وجد وغیرہ اسی جگہ میں ہیں۔ یہی تمام اولیاء یہاں تک کہ خلفائے اربعہ کے مبادی تعینات کے ظلال ہیں۔

جاننا چاہیے کہ یہی اسمائے مبادی تعینات اولیاء کا ظلال ہے جس طرح ذوات اسمائے واجبی انبیاء (علیٰ نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام) کے مبادی تعینات ہے۔

جاننا چاہیے کہ عالم اور عالمیان سے حق تعالیٰ کا غنا ذاتی ہے کہ ان اللہ لغنی عن العالمین (بیشک اللہ عالمین سے بے نیاز ہے) اس فنائے ذاتی کے باوجود اس کے لیے ایسی صفات ثابت ہیں جو بذواتہا اور بظلالہا فیوض کائنات کا واسطہ ہیں اس لیے کہ اگر اسمائے صفات نہ ہوتے تو کائنات پردۂ عدم سے وجود میں نہ آتی۔ اور آناً فاناً کا افاضہ اور استفاضہ ان ہی (اسمائے صفات) کے توسط سے ہے پس وجود و ظہور اور لوازم وجود ظہور ان ہی کے سبب سے ہے اور افاضہ و استفاضہ کلیہ کا واسطہ وقت کا قیوم الزمان ہے اور تمام اولیاء کا جزئیہ عالم اور عالمیان کے نظم و انتظام کا مدار ہے۔

www.maktabah.org

جاننا چاہیے کہ اسمائے الٰہی میں سے ہر اسم بمنزلہ کلی کے ہے اور جو ظلال کہ ان سے پیدا ہوتے ہیں بمنزلہ جزئیات کے ہیں۔ پس ہر اسم کلی کسی نبی کا مبدا تعین ہے اور ہر ظلال جزئی کسی ولی کا مبداء تعین ہے اور ہر جزئی اپنے کلی کی طرف منسوب ہوتی ہے۔ بعض کے نزدیک محمدی المشرب، موسوی المشرب، عیسوی المشرب کے یہی معنی ہیں۔ اور حضرت ذات تک پہنچنے میں ہر ولی کا طریقہ وہی نبی کے اتباع کا طریقہ ہے۔ بجز اس کے کہ کوئی مجبوری ہو۔

اور اولیائے کاملین کے نزدیک محمدی المشرب سے مراد وہ جوانمرد ہے کہ حقیقۃ الحقائق تک اس کی رسائی محبت کی راہ سے ہوتی ہے پس اس کی سیر اوپر میں حقیقت الحقائق تک اور اس کا نزول بھی حقیقت الحقائق میں ہوتا ہے۔ سمجھنے والے سمجھتے ہیں۔

نیز جاننا چاہیے کہ انبیا کی پیروی کرنے والے کمال اتباع ے ذریعے جزئیت سے نکل آتے ہیں اور کلّیت تک پہنچ جاتے ہیں اگرچہ تبعاً ہو اور مرتبہ کلّیت سے کلّی الکلیات یعنی حقیقۃ الحقائق تک بھی پہنچ جاتے ہیں۔

نیز جاننا چاہیے کہ محمدی المشرب ولی کمال اتباع کی وجہ سے ایسے مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے جو کہ بعض اعتبار سے متبوعات سے اوپر ہے اگرچہ اصالت سے اس کا کوئی حصہ نہیں ہوتا ہے۔

نیز جاننا چاہیے کہ تمام انبیا کو اللہ تعالیٰ تک رسائی اپنے مربّیوں یعنی اسماء الٰہی کی راہ سے حاصل ہوتی ہے۔ اور اسم اجمع کی راہ سے کہ اللہ تعالیٰ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کا مربی ہے تابع کے طور پر پہنچتے ہیں۔ جاننا چاہیے کہ اس مرتبہ میں انبیاء کی تبعیت اور محمدی المشرب اولیا کی تبعیت کے درمیان بعض اعتبار سے بہت زیادہ فرق ہے جس طرح اس مرتبہ میں اولیا کی تبعیت، اور انبیاء کی اصالت کے درمیان گے درمیان بعض اعتبار سے بے

www.maktabah.org

شمار فرق ہے۔

مختصر یہ کہ اگرچہ تابعوں کو متابعت کی وجہ سے حقیقۃ الحقائق کے مرتبہ میں جو چیز حاصل ہوتی ہے اس مرتبہ سے اوپر ہے کہ متبوعوں کو اصالۃً حاصل ہوتی ہے۔ لیکن متبوع، متبوع ہی ہے اور تابع تابع ہے۔

نیز جاننا چاہیے کہ حقیقت محمدی (علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ) کی محبت کے جذبہ کے ذریعے اسم کلّی (جو کہ اس کے نبی کا مربی ہے) سے باہر آنا ثابت ہے اور حقیقت محمدی کی وساطت سے دوسری کلّیات سے مطلع ہونا ممکن ہے۔ اور یہ جزئی سے کلّی تک پہنچنے کے قبیل سے ہے کیونکہ تمام کلّیات جو انبیا کے مبادی تعینات ہیں حقیقت محمدی کی جزئیات ہیں نہ کہ قلب حقائق اس لیے اس میں کوئی اشکال نہیں۔

دائرہ ولایت کبریٰ




اسماء

تمام اولیاء کی سیر ولایت صرف پہلے دائرہ تک ہے۔

جاننا چاہیے کہ یہاں اسماء وصفات سے مراد صفات ثبوتیہ زائدہ ہیں نہ کہ صفات ثمانیہ وصفات سلبیہ، اور دو دائرہ اور ایک قوس انبیا علیہم السلام کی ولایت میں ہیں۔

جاننا چاہیے کہ جب سالک نے امانات واپس وصول کر دیئے اور اپنے عدم جزئی کو عدم صرف کلّی تک پہنچا دیا تو نہ اس کا عین رہا نہ اثر اور نجات وہم سے اور آفاق وانفس

www.maktabah.org

سے اور ظلال سے پورے طور پر حاصل ہوگئی۔ پس تجلّی ترقی جو ولایت صغریٰ میں محدود اور وقتی ہوتی ہے اس مقام میں دائمی ہوتی ہے نقشبندیہ کی بدایت میں دوسروں کی نہایت کے اندراج کا راز یہی ہے اور یہ دوام جو ولایت صغریٰ والوں کے لیے وعدہ فردا ہے ولایت کبریٰ والوں کو اسی دنیا میں نقد حاصل ہے یقین ہے کہ ان کے لیے وعدہ بھی اُس سے بہت زیادہ ہوگا۔ اس مقام میں جو فنا و بقا حاصل ہوتی ہے وہ فنائے اتم اور بقائے اتم کی اصل ہے اور فعل وصفت اور ذات کی تجلّی حقیقی اس جگہ میں ہے نفس کے لیے اطمینان، قلب کے لیے انشراح، مدارج رضا کی ترقی اور صدر کے تخت پر نفس مطمئنہ کی سلطنت اسی مقام میں ہے۔

جاننا چاہیے کہ اس ولایت میں اگرچہ نفس کا اطمینان اور اس کا فنا حاصل ہوگیا لیکن عناصر قلب کے ساتھ جہاد باقی ہے۔

## دائرہ ولایت علیا

اسمائے باطنی واجبی کا دائرہ ہے کہ اسم ظاہر کے اعتبار سے حضرت ذات کے ایک درجہ زیا قریب ہے۔ اور یہ اسماء ملائکہ اور ملاء اعلیٰ کے مبادی تعینات ہیں اور اس دائرہ میں معاملہ آگ ہوا اور پانی کے ساتھ ہے اور ملائکہ کی ترکیب بھی ان ہی سے ہے۔

جاننا چاہیے کہ ولایت علیا میں سیر اسم باطن میں ہے جس طرح کہ ولایت کبریٰ میں سیر اسم ظاہر میں ہے۔ یعنی ولایت کبریٰ میں مثلاً علم وقدرت وارادہ وغیرہ میں سیر ہے تو ولایت علیا میں سیر، العلیم، القدیر، المرید وغیرہ میں ہوتی ہے۔ اور صفات کی وسعت کو

www.maktabah.org

صفات کی ملحوظیت کی وسعت سے کوئی مناسبت نہیں ہے۔ بلکہ بہت زیادہ تفاوت ہے۔

جاننا چاہیے کہ اس ولایت علیا کو جو کہ ملائکہ ملاء اعلیٰ کی ولایت ہے۔ ولایت انبیا پر فوقیت ہے جو کہ ولایت کبریٰ ہے۔ لیکن افضلیت حاصل نہیں ہے۔ کیونکہ حامل ولایت تحتانی کو عروجات ولایت فوقانی کی حقیقت پر ہوتی ہیں۔ اور ولایت علیا کی حقیقت کے حامل اسی حقیقت میں محبوس نہیں رہتے۔ جیسا کہ شرح مواقف میں مذکور ہے۔ جس طرح کہ فضل عنصر خاک کے لیے ہے اگرچہ دوسرے عناصر کو علو حاصل ہے۔ پس ولایت مذکورہ کو فوقیت تو ہے افضلیت نہیں ہے۔ فضل اور افضلیت انبیاء علیہم السلام کے لیے ہے۔

اس ولایت علیا کی دولت کہ تعین اوّل کا مرتبہ اولیٰ ہے۔ تمام مراتب اسماء وصفات وشیونات واعتبار کو جامع ہے۔

دائرہ کمال نبوت اس مقام میں حضرت ذات کا صفات واسماء وشیونات واعتبارات سے الگ کرنا اس ہے محبت کی نظر میں نہ خارج میں۔ اور معاملہ اس مقام میں اجزائے ارضی کے ساتھ ہے۔

اور مقطعات قرآنی کے انکشاف اور اسی کے متشابہات کی تاویلات اس جگہ ہیں۔ جاننا چاہیے کہ نبوت انبیا (علی نبینا وعلیہم السلام) کے ساتھ مخصوص ہے اور نبوت کے کمالات بھی اصالۃً ان ہی کے ساتھ مخصوص ہیں۔ لیکن تبعاً آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کی امّت مرحومہ کے بعض افراد کو بھی میسّر ہے۔ اور ولایات ثلٰثہ کے کمالات کو کمالات نبوت

www.maktabah.org

سے وہی نسبت ہے جو قطرہ کو دریا سے ہے، اور جو عارف کہ اس مقام میں پہنچا ہے وہ غیب حقیقی پر ایمان کا مومن ہے۔ اور علمائے راسخین میں سے ہے، اور اعتدال عناصر کے باعث اس کے قالب کو بدنی اخروی کا حکم ہو جاتا ہے۔ اور اس مقام میں صعود کی حالت میں اس کا رُخ حق کی طرف اور ہبوط میں اس کا رُخ بالکل خلق کی طرف ہوتا ہے کیونکہ نگرانی فوق کی طرف نہیں رہتی ہے۔ اور اس ہبوط میں عنصر خاکی سب سے نیچے ہے۔ لیکن افضل اور اتم ہے۔

جاننا چاہیے کہ جو تفاوت اس مقام پر واقع ہے وہ مقام میں ترقیات و تنزلات کے اعتبار سے ہے مگر یہ کہ مقام اسفل والے کو وہ قرب حاصل ہوتا ہے جو مقام اعلیٰ والے کو نہیں ہوتا چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ان کے اعتبار سے فائق ہیں اور مقام کے اعتبار سے سافل ہے۔ یہی حال اولیا کا ہے۔

دائرہ کمالات رسالت اس مقام پر فائز متبوع ہے اور حضرتِ ذات سے بالاصالۃ اخذ کرتا ہے۔ اگر چہ یہ مرتبہ تبعیت سے پایا گیا ہے لیکن جزئیات سے نقل کرتا ہے اور اللہ کے اذن سے ان میں تصرف کرتا ہے۔

نیز جاننا چاہیے کہ اگر چہ ان مراتب میں اسماء وصفات وشیونات سے ذات کا افراد ہے اور اسم ظاہر و باطن سے بلند ہے لیکن ذات بحت اب بھی بہت دور ہے۔ پس سمجھو۔

دائرہ کمالات اولوالعزم اور ان کمالات کا مالک عین تلوین بھی کمال تمکین کے ساتھ موصوف ہے اور اس مقام میں ذات حق تعالیٰ کی اقربیت مخدوم الکیفیت ہے۔ جس طرح کمالات نبوت میں مجہول الکیفیت ہوتا ہے۔ اور محبت اس مقام میں ارادہ محبت اور

www.maktabah.org

مخلوقات پر شفقت کے معنی میں ہے جیسا کہ علمائے شریعت نے مقرر کیا ہے پس سمجھو۔

دائرہ کمالات اولوالعزم اس مقام پر فائز جہاد جسمانی کے ذریعے مجاہد ہے اور خلق اللہ میں اللہ کے ذریعے تصرّف کرتا ہے

جس طرح خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم مراتب رسالت اور مراتب نبوت کے خاتم ہیں اسی طرح کمالات خاتمیت کا مالک جو افرادِ امت ہی میں سے ہوتا ہے ولایات و کمالات اور حقائق واسرار اور معارف محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم ہوتا ہے۔ اور اس مقام میں تمکین ہے تلوین نہیں ہے۔

دائرہ کمالات خاتمیت ان کمالات کا مالک ولایات محمدی علی صاحبا الصلوٰۃ والسلام کا خاتم ہے۔

جاننا چاہیے کہ منصبِ قیومیت کی اصل کمالات خاتمیت کے تابع ہونے کا ایک شعبہ ہے اور کمالات خاتمیت تک پہنچنے سے پہلے جو کچھ منکشف ہوتا ہے وہ قیومیت کا عین نہیں بلکہ بمنزلہ اس کے ظلال وعکوس کے ہے۔

دائرہ قیومیت اس دائرہ کے کمالات بھی دائرہ خاتمیت سے پیدا ہوتے ہیں۔

www.maktabah.org

دائرہ محبوبیت ظلال، اسماء وصفات کہ یہ اولیا کا اصلی مقام ہے۔

دائرہ خلت کہ دائرہ تعین وجودی بلکہ تعین حبی سے حظّ اٹھانے والا ہے۔

دائرہ محبوبیت اسماء وصفات کہ انبیا ورسل علی نبینا وعلیہم السلام کا اصل مقام ہے۔

دائرہ محبت ذاتیہ کہ، اصالۃً کلیم اللہ کے ساتھ مختص ہے اور ان کے اتباع کے ذریعے تبعاً

دائرہ محبوبیت ذاتیہ ممتزجہ، کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے اس حیثیت سے آپ کا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

دائرہ محبوبیت خالصہ، کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے اس حیثیت سے کہ آپ کا نام احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

جاننا چاہیے کہ ان دونوں مرتبہ صفات ثمانیہ کی صورتیں متجلّی ہوتی ہیں جس طرح

www.maktabah.org

مرتبہ اول میں ان کے صور علمیہ منکشف ہوتے ہیں پس سمجھو:۔

دائرہ حبّ مطلق، یہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مختص ہے اس حیثیت سے کہ آپ صلی اللہ وسلم کے دونوں مبارک نام آپ کے ہیں۔

دائرہ تعین وجودی، یہ مراتب حقیقۃ الحقائق میں سے دوسرا مرتبہ ہے۔

جاننا چاہیے کہ تمام تجلیات ذاتیہ کا منشاء عین نورِ صرف ہے جو سبھوں کا مسجود ہوا اور تمام تجلّیات ذاتیہ کا اصل ہوا۔ پس جب سب کا ملجا تجلیات ذاتی ہو تو دوسروں کی مسجودی کا کیا بیان کیا جائے۔ پس سمجھو۔ اس مقام تک پہنچنا تفصیل کی راہ سے ہے۔ بس سلوک و جذبہ کے بال و پر اس مقام پر ٹوٹ گئے۔ پس سمجھو۔

دائرہ تعین حبّی اور یہ حقیقۃ الحقائق کے مراتب میں سے تیسرا مرتبہ ہے۔

دائرہ حقیقت کعبہ ربانی اس مرتبہ میں حضرت بیچون حقیقی عظمت و کبریائی کی حیثیت سے متجلی بذات ہے اور عالم کبریٰ میں یہی مرکز ہے جس طرح مضغہ عالم صغریٰ میں ہے۔

www.maktabah.org

جاننا چاہیے کہ کلام اللہ میں اجمال کے باوجود تفصیل ثابت ہے اور وسعت و تمیز بھی موجود ہے۔ یعنی امر کے بسیط ہونے کے باوجود امر نہی سے اور وعدہ وعید سے ممتاز ہے ایسا امتیاز کہ غیر کے ادراک سے مبرّا ہے۔ اجمال و تفصیل بھی اسی قبیل سے ہے۔

دائرہ حقیقت قرآنی کہ اس مرتبہ میں نورِ صرف کے اطلاق کی بھی گنجائش نہیں بجز نزول کے وقت کہ بلکہ بیچونی کی وسعت اور بیچگون کے امتیاز کی بھی کوئی گنجائش نہیں۔

دائرہ فاتحہ الکتاب کہ نصف اولی الوہیت و ربوبیت کا بیان ہے۔ نصف ثانی مشترک بین اللہ و بین العبد ہے اور نصف سوم عبدیت اتم۔ ہدایت علیا اور محبت عظمیٰ کا بیان ہے۔

دائرہ مقطعات قرآنی کہ محبّ و محبوب کے درمیان اسرار بلا واسطہ ہے نصف متشابہات قرآنی کہ محبّ اور محبوب کے درمیان رموز ہے پس سمجھو۔

دائرہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہ تمام اسمائے توریت و انجیل اور زبور پر اور دیگر اسماء پر مشتمل ہے۔ اور تمام اسرار قرآن مجید و فاتحہ الکتاب کو حاوی ہے۔

www.maktabah.org

دائرہ بائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔من تواضع للّٰہ رفع اللّٰہ الیہ

دائرہ نقطہ بائے اسم کہ اصل حقیقۃ الحقائق ہے اور بس

دائرہ صباحت، کہ اس کا مرجع حسن ذات کمالات حضرت ذات ہے۔

دائرہ ملاحت، کہ اس کا مرجع ذات کے ذاتِ صرف کا حُسن ہے پس سمجھو۔

جاننا چاہیے کہ یہ مرتبہ اصل الاصل سے نسبت رکھتا ہے اور تمام حقائق سابقہ اس کے اجزاء ہیں اور حقیقت قرآنی اسی حقیقت کا جز ہے اس اعتبار سے وہ سعت بے چونی کا مبدأ ہے اور صلوۃ وسعت بے چونی کا کمال ہے صلوٰۃ کا مرتبہ اس مقام میں بمنزلہ رویت کے ہے درین معنٰی کہ:

قرۃ عینی فی الصلوٰۃ (میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں ہے)

ارحنایابلال (ہمیں راحت دے اے بلال)

الصلوٰۃ معراج المومنین (نماز مومنوں کی معراج ہے)

اقرب ما یکون العبد من الرب فی الصلوٰۃ (بندہ نماز میں پروردگار سے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے) سے مراد یہی جگہ ہے۔ پس سمجھو۔

www.maktabah.org

دائرہ صلوٰۃ اس مقام میں وسعت بے چونی اور امتیاز بے چگونی (جو کہ کمال کے درجہ پر ہے) کے سوا تعبیر نہیں کر سکتے۔

جاننا چاہیے کہ اس مرتبہ میں قدم کی بالکل گنجائش نہیں۔ قف یا محمد ان ربک یصلی (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ٹھہریے کہ آپ کا پروردگار نماز پڑھ رہا ہے، وصول قدمی کے منع کی طرف اشارہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر و احسان کہ نظر کو منع نہیں کیا بلکہ وسیع بنایا ہے۔ پس سمجھو۔

دائرہ معبودیت صرفہ کہ لا الہ اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت کی تحقیق اسی مقام میں ہے اور عبد و معبود کا امتیاز بھی اسی مقام میں ہے۔

متابعت کے سات درجے اس مقام میں حاصل ہوتے ہیں اور تابع اس مقام میں متبوع کا حکم اختیار کر لیتا ہے گویا ایک گھاٹ سے پانی پیتے ہیں پس سمجھو اور حمد سے محمدی ہونے کا باقی راز اس مقام میں منکشف ہوتا ہے۔

دائرہ نزول و ہبوط مرتبہ جزء ارضی میں اور بندگی اور ہدایت وارشاد اور اعلائے کلمۃ اللہ میں درجہ اولیٰ پر استقامت

صلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد والہ وصحبہ وسلم

تمام شد

www.maktabah.org

www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مکتوبات در بیان

# "قیُّومیَّتْ"

محترمی ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب۔ وَفَّقَنِی اللّٰہُ وَ اِیَّاہُ لِمَا یُحِبُّہٗ وَ یَرْضَاہُ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

آپ کا کارڈ ۲۴ دسمبر کا آٹھ کو ملا فالحمد للہ علی الصحۃ۔ آپ نے اس عاجز سے مرتبہءِ قیومیت کے بیان کے سلسلے میں کچھ مضمون طلب کیا ہے۔ یہ آپ کا حسنِ ظن ہے۔ اگر آپ اس مبارک موضوع پر کچھ تفصیل سے لکھیں تو بہتر ہو۔ مختصر طور پر جو اس عاجز کی سمجھ میں آیا ہے لکھتا ہے۔ وفقه اللّٰه تعالیٰ للصواب۔

حضرت امام ربانی مجدّد و منور الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی قدسنا اللہ بسرہ الاقدس کے علوِّ مرتبہ اور آپ کے کلامِ قدسی نظام کو سمجھنے کے لیے کافی علم و دانش کی ضرورت ہے۔ جس شخص کا عمل عزیمت پر ہو، جو سنّت (مطہرّ) کا دلدادہ ہو۔ جو دینِ مبین کا عاشق و شیدا ہو، جو بڑے سے بڑے ولی کے درجہ کو ادنیٰ صحابی کے خاکِ پا سے کمتر سمجھتا ہو۔ جس کی صحبت میں اکابر علماء ہر وقت رہتے ہوں۔ جس کے انفاسِ قدسیہ سے ہزارہا بندگان خدا اعلیٰ مدراجِ قرب پر فائز ہوئے ہوں۔ کیا ایسے شخص کے متعلق کوئی خیال کر سکتا ہے کہ العیاذ باللہ وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

www.maktabah.org

کے مرتبہ سے اپنے کو بالاتر سمجھتا ہے۔ ترجمۂ حضرات القدس کے صفحہ ۶۲ پر لکھا ہے ''حضرت قدس سرّہ نے فرمایا کہ جب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو جو کہ جمیع کمالات و فضائل سے متصف تھے۔ اور خلفا پر فضیلت نہیں دیتا ہوں تو پھر اپنے آپ کو ان پر کیوں کر فضیلت دے سکتا ہوں۔ معرفتِ حق اس شخص پر حرام ہے جو اپنے آپ کو کافر فرنگ سے بہتر جانتا ہو۔ تو اکابرِ دین سے کیا نسبت ہو سکتی ہے''۔ افسوس صد افسوس ایسی نادرۃ المثال اور برگزیدہ ہستی کے متعلق بعض افراد غلط فہمی میں پڑ گئے ہیں۔ اگر یہ لوگ ذرا بھی سنجیدگی اور انصاف سے کام لیں تو ان پر روز روشن کی طرح واضح ہو جائے گا کہ قرونِ اولیٰ مشہود لہا بالخیر والسعادہ کے بعد شاید ہی اولیائے امّت میں کوئی آپ جیسا عالی مرتبت والا منزلت پیدا ہوا ہو۔ تصوف اور طریقت کے متعلق جو غلط خیالات جاہل متصوفہ نے پیدا کر دیے تھے آپ نے ان سب کو حرفِ غلط کی طرح یہ فرما کر مٹا کر رکھ دیا کہ طریقت اور حقیقت شریعت کے خادم ہیں۔ اور کھلے الفاظ میں فرما دیا کہ ''ہم کو فَص سے کیا سروکار ہم کو تو نَص درکار ہے۔ ہم کو فتوحات مدینہ نے فتوحات مکیّہ سے بے نیاز کر دیا ہے''۔ چلّہ کشی اور ریاضتوں کے سلسلہ میں مسنون طریقوں سے جو بُعد اور دوری پیدا ہوتی جا رہی ہے۔ اس کے متعلق آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ''ہیچ ریاضت و مجاہدہ برابر رعایت آدابِ نماز نیست'' جو لوگ اسرارِ شریعت اور دقائقِ علومِ دینیہ سے واقف نہیں ہیں

www.maktabah.org

ان سے بحث نہیں، بحث ان افراد سے ہے جو زمرۂ علماء میں داخل ہیں، اور وہ بعض اسباب کی بنا پر آپ کے ارشاد سراسر حق وسَدَاد پر ردّ وقدح کرتے ہیں۔ چوں کے الحق یغلو و لا یعلیٰ علیه ایک امرِ مسلم ہے لہٰذا اجلّہ علمائے کرام نے ان اعتراضات کا بہ وجہِ اتم رد کیا ہے۔ منجملہ ان کے حضرت فرخ شاہ، حضرت شاہ عبدالعزیز، حضرت قاضی ثناء اللہ رحمہم اللہ ہیں۔ بلکہ بعض افراد نے خود اپنی غلط فہمی اور کوتاہ نظری کا اعتراف کیا ہے۔ چنانچہ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ رحمۃ اللہ نے اواخر احوال میں تحریر فرمایا ہے۔ کہ ''اَصْلاً پردَہٗ بشریت وغشادَیۂ درمیان نہ ماندہ''۔ اور پھر آپ کی تعریف کی ہے۔ اور اپنی سابقہ آراء سے رجوع کیا ہے۔ جناب شیخ رحمۃ اللہ کے ان الفاظ پر جو تحریر کئے گئے ہیں حضرت شاہ غلام علی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں۔ ''ازیں قول معلوم می شود کہ اعتراضاتِ سابقہ از بشریت ونفسانیت بود نہ از حقیقت ایں احوالِ علماء است۔ وائے بریں صرفہ گویاں۔'' حضرت نے وائے بریں صرفہ گویاں'' لکھ کر کس انداز سے اظہار تاسف فرمایا ہے۔ حقیقت یہ ہے ؏

گر سنگ ازیں حدیث بنالد عجب مدار

بے شک آپ نے اِمْتِثَالاً لِاَ مْرِ اللّٰہِ تَبَارَکَ وَ تَعَالیٰ۔ وَ اَمّاَ

www.maktabah.org

بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّ ثْ۔ و اِظْهَارًا لِشُكْرِهٖ عَمَّ اِحْسَانِهٖ لِقَوْ لِهٖ جَلَّ وَ عَزَّ ۔ اِنْ شَكَرْ تُمْ لَاَ زِيْدَ نَّكُمْ۔ ان بعض احسانات اور انعامات کا ذکر فرمایا ہے جو پروردگار جل شانہ نے آپ پر کیے ہیں۔ مثلاً خلّت کا مقام آپ کو عنایت ہوا۔ اور قیومیت کا درجہ آپ کو عطا ہوا۔

قیومیت کا درجہ کیا ہے، اور اس مقام پر کس شان کا برگزیدہ بندہ اللہ کے فضل و کرم سے فائز ہوتا ہے؟ اس کے متعلق کتاب برکاۃ الاحمدیہ الباقیہ معروف بہ زبدۃ المقامات کی عبارت قلمی نسخہ کے صفحہ ۵۳۳، ۵۳۴ سے نقل کی جاتی ہے۔ اس نسخہ کو حضرت سیّدی الوالد قبلۃ الاماثل والاماجد حضرت شاہ محی الدین عبداللہ ابوالخیر فاروقی مجدّدی قدس اللہ سرہ الاقدس نے ۱۳۰۰ھ میں لکھوایا ہے۔ اور پھر اپنے دستِ مبارک سے تصحیح فرمائی ہے۔

"باید دانست کے قیوم دریں عالم خلیفۂ حق است جل وعلیٰ و نائب مناب ِ او اقطاب و ابدال در دائرہ ظلال او مندرج اند و اَفراد و اَوتاد در محیط کمالِ او مندرج۔ افراد عالم ہمہ بہ دے روے دارند و قبلۂ توجہ جہانیان اوست، دانند یا نہ دانند۔ بلکہ قیامِ عالمیان بہ ذاتِ اوست چہ افرادِ عالم چوں کہ مظاہرِ اسماء وصفات اند ذاتے درمیانِ شان کائن نیست۔ ہمگی اعراض و اوصاف اند و اعراض و اوصاف را از ذات و جوہر چارہ نیست تا قیامِ شان بہ آن بود۔ سنۃ اللہ جاری است کہ بعد از

www.maktabah.org

قرونِ متطاولہ عارفے رانصیبے از ذات ارزانی داشتہ۔ دے راذاتے عطامی فرمایند کہ بحکمِ نیابت وخلافت قیوم اشیاءمی گرددا شیاء بوئے قائم باشند۔ الخ“۔

قیوم کے متعلق یہ بیان حضرت خواجہ محمد معصوم قدس اللہ سرہ العزیز کا تحریر کردہ ہے۔ اور اس کو حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ‘ کے مکتوب شریف نمبر ۸۰ (دفتر سوم) کا خلاصہ سمجھنا چاہیے۔ جس کو آپ کے زمانہ سے اب تک ہزار ہا جلیل القدر علماء دیکھ چکے ہیں۔ ان کے لیے سَرِ انقیاد خم کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ تھا۔ اس عبارت کے پڑھنے سے چند حقائق کا اظہار ہوتا ہے۔

(۱) اس عالم میں پروردگار جل شانہ‘ کا خلیفہ اور نائب قیوم ہے (۲) عالم کے تمام افراد اسمائے وصفات کے مظاہر اور ظلال ہیں۔ اسماء وصفات کا قیام ذات سے ہوتا ہے۔ ان افراد کے لیے جو اسماء وصفات کے مظاہر اور ظلال ا ہیں ایک ایسی مبارک ہستی اور وجود کی ضرورت ہے جو تجلیاتِ ذاتیہ سے بہرمند ہوتا کہ ان کا قیام اس سے ہو (۳) ایسی برگزیدہ ہستی کا وجود کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ از روزِ اِنِّی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیفَةً ایسا فرد کامل ہوتا چلا آیا ہے اور سنت اللہ یہی ہے۔ (۴) جو بھی اس مبارک مقام پر فائز ہوتا ہے وہ قبلۂ عالمیان اور سردارِ اَقْطَاب و اَفْرادو اَبْدَال واَوتاد ہوتا ہے۔

اب خیال کرنا چاہیے کہ اس عبارت میں کون سی بات قواعدِ شرعیہ کے

www.maktabah.org

خلاف ہے۔خلیفہ اجل و اکمل و افضل سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات جامع صفات ہے ۔جو کہ سیّد الانبیاء والمرسلین ہیں ۔اور نبوت آپ کو اس وقت سے بھی پیشتر ملی تھی جب کہ حضرت آدم علیہ السلام کا پتلا نہ بنا تھا۔ جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے

کُنْتُ نَبِیّاً وَّاٰدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ جب تک آپ کا ظہور نہ ہوا

آپ کی نیابت انبیاء کرام علیہم السلام کرتے رہے۔لیکن آپ کے بعد یہ منصب آپ کی امت کے جلیل القدر افراد کے سپرد ہوا۔ یہ مقام اور یہ رتبہ از روزِ اوّل موجود ہے۔اور اس کے شایانِ شان افراد بھی ہوتے چلے آ رہے ہیں۔یہی اللہ کا طریقہ رہا ہے۔غایت مافی الباب اس نام سے یہ رتبہ ظاہر نہیں ہوا تھا۔جب تک وظیفۂ خلافت حضراتِ انبیاء علیہم السلام سے متعلق رہا۔اظہار کی ضرورت نہ تھی ۔کیوں کہ نبوّت کا مقام ان تمام مراتبِ عالیہ کو لیے ہوئے ہے۔ہمارے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہوئی۔اور ضرورت پیدا ہوئی کہ مراتبِ عالیہ کا علیٰحدہ علیٰحدہ ظہور ہو، چنانچہ جب بھی جس عہدہ کے ظہور کا وقت آیا وہ عہدہ ظاہر ہوا۔یعنی قطب، غوث وغیرہ۔اور قیومیت کا ظہور حضرت امام ربّانی مجدّد الفِ ثانی شیخ احمد سرہندی قدس اللہ سرہٗ السّامی کی مبارک ذات سے ہوا۔ ذٰلک فضل اللّٰہِ یؤتیہ من یشاء واللّٰہ ذوالفضل العظیم ۔

این سعادت بزورِ بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

www.maktabah.org

عربی زبان موجود تھی لیکن اس کی تدوین کا شرف ائمہ لغت کو ملا۔ نحو وصرف کا وجود تھا لیکن ایک فن کی شکل میں خلیل، سیبویہ، کسائی، اخفش وغیر ہم نے اس کو ظاہر کیا۔ علمِ کلام کا ظہور شیخ ابوالحسن اشعری، شیخ ابومنصور ماتریدی وغیر ہما سے ہوا۔ علمِ فقہ کا ظہور امام اعظم، امام شافعی وغیر ہما سے ہوا۔ آدابِ طریقت کا بیان اور طُرُقِ موصلہ الی اللہ کا اظہار اور اولیاء اللہ کے مراتب غوث، قطب فرد وغیرہ کی نشان دہی حضرت جنید بغدادی، حضرت ذوالنون مصری، حضرت عبدالقادر جیلانی، حضرت شہاب الدین سہروردی، حضرت معین الدین سجزی اجمیری، حضرت شیخ احمد بدوی، حضرت نجم الدین کبریٰ، حضرت محمد بہاء الدین نقشبند بخاری، وامثالہم قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم وافاض علینا من برکاتہم ومعارفہم سے ہوا۔ یہ تمام علوم اور معارفِ عالیہ جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم ومعارف کا ظہور ہیں۔

آپ کا ارشاد ہے اُوْتِیْتُ عِلْمُ اُلاَوّلَیْنَ وَاُلاٰخِرِیْنَ۔ قومیت کے اظہار کے لیے ایسے فرد کامل کی ضرورت تھی کہ علم ظاہر و باطن میں درجۂ کمال کو پہنچا ہوا ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع میں اپنا نظیر نہ رکھتا ہو۔ صاحبِ صحو اور ہوش ہو۔ خداوندِ عزم اور قوی العمل ہو۔ ان صفات جلیلیہ سے پروردگار نے حضرت امام ربّانی کو پوری طرح متصف فرمایا تھا۔ لہٰذا اس کام کے لیے ۔ع

www.maktabah.org

آپ ہی سزاوار ہوئے۔

آپ کے علم ظاہر و باطن کا کمال کسی پر مخفی نہیں ہے۔ جس کو کچھ تردّد ہو مکتوباتِ شریفہ کو اٹھا کر دیکھ لے۔ رسول اللہ ﷺ کے اتباع اور پیروی کا یہ عاجز کیا بیان کرے۔

برکات الاحمدیۃ الباقیہ معروف بہ زبدۃ المقامات اور حضرات القدس کا مطالعہ اگر کیا جائے اور مکاتیبِ قدسی آیات کو بدقت مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح ظاہر ہو جاتی ہے کہ آپ ہر کام میں اور ہر فعل میں جناب رسول اللہ ﷺ کا اتباع فرماتے تھے۔ آپ نے فرمایا ہے ''عمل و کار ما چہ باشد'' و ہر چہ بما عطا کردہ اند بمحض فضل و صرفِ کرم می دانیم۔ امّا اگر مثلاً امرے بہانہء کرم باشد آن متابعت سید الاولین والآخرین ﷺ خواہد بود کہ مدارِ کارِ خود را بران می دانیم۔ ہر چہ بما دادہ اند از راہِ ایں اتباع دادہ اند۔ جزئیاً و کلیاً۔ و ہر چہ ندادہ اند از اں ندادہ اند کہ از ما در اتباع اتم نقصانے بہ حکمِ بشریت رفتہ باشد صفحہ ۳۰۳ قلمی نسخہ''۔ آپ ہی کے اتباعِ سنّت کا کرشمہ ہے کہ خالص تصوف اسلامی نبوی کا ظہور بہ وجہ اَتم ہوا۔ جس کا بیان بعد میں آئے گا۔

www.maktabah.org

جب سے آپ بتوجہاتِ پیرومرشدِ کامل وبعنایاتِ ذوالجلال والاکرام مرتبہ کمال کو پہنچے، آپ کی زبانِ مبارک یا نوکِ قلم پر ایک لفظ بھی ایسا نہیں آیا جو سُکر کا ثمرہ ہو۔ اور یہ کہا جا سکے کہ صَحو کے منافی ہے۔ آپ کے پورے احوالِ مبارکہ، ملفوظاتِ شریفہ، تحریراتِ بدیعہ سب کے سامنے ہیں۔ اور اس مدعا پر شاہد عدل ہیں۔ آپ ہر کام میں ہر فعل میں جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع اور پیروی کی کوشش کرتے تھے۔ پروردگار جلّ شانہ' وعمّ احسانہ' نے اپنے فضل وکرم سے آپ کو صحوِ محمدی علی صاحبہ الفُ الفِ صلاۃٍ وتحیّۃٍ سے سرفراز کیا۔ فطوبیٰ لہ ثم طوبیٰ لہ قدس اللہ روحہ'۔

آپ کے عزمِ کامل اور قوی العمل ہونے کے متعلق نہ صرف آپ کے مخلصین اور متبعین کے اقوال کو پیش کیا جا سکتا ہے۔ بلکہ آپ کے پیرومرشد قدس سرہٗ کا مکتوب شریف موجود ہے۔ تحریر فرماتے ہیں۔ "شیخ احمد نام مردیست در ھند کثیر العلم وقوی العمل، روزے چند فقیر بادنشست وبرخاست کردہ عجائب بسیار از روزگار واوقاتِ او مشاہدہ کردہ بہ آن می نماید کہ چراغے شود کہ عالمہا از د روشن گردند بحمد اللہ تعالیٰ احوالِ کاملہ' او مرا بہ یقین پیوستہ الخ۔ (رقعہ نمبر ٦٥) حضرت نے جب آپ کے عزم اور کمالات کو ذروۃ الکمال پر پایا تو مریدوں کو آپ کے حوالہ کر دیا۔ اس سلسلہ میں حضرت کا رقعہ شریفہ نمبر ٨٣ قابلِ دید ہے۔ تحریر فرمایا ہے

www.maktabah.org

:" وَلِلْاَرْضِ مِنْ کَاْسِ الْکِرَامِ نَصِیْبٌ :پیر انصاری قدس سرہٗ می فرمودند کہ من مرید خرقانی ام لیکن اگر خرقانی دریں وقت می بود با وجود پیریش مریدی من می کرد" جامع رقعات شریفہ نے اس مکتوب شریف کے بعد لکھا ہے۔ "آخرِ نفسِ حضرت ارشاد پناہی خود را مبتدی می دیدند و نظر در حاصل خود نمی انداختند" حضرت میر محمد نعمان قدس سرہٗ کو یہ فرما کر آپ کی خدمت بابرکت میں ارسال کیا۔ میاں شیخ احمد آفتابے اند کہ مثلِ ماہزاراں ستارہ در ضمن ایشاں گم اند۔ زبدہ قلمی صفحہ ۲۳۹ یہ ہے خدا کی دین جس کو چاہے عطا کرے۔

قیومیت ولایت کا ایک بلند مرتبہ ہے۔ قیوم کے سمجھنے کے لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ پہلے ولی کو پہچانا جائے۔ اور اس کے مرتبے کو سمجھنے کی کوشش کی جائے۔ اس سلسلہ میں ایک صحیح حدیث شریف ہے جس کو امام بخاری اور دیگر ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے یہ حدیث شریف از احادیث قدسیہ ہے۔ الفاظ مبارکہ یہ ہیں:۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تبارک و تعالیٰ قال من عادلی ولیا فقد اذنتہ بالحرب وما تقرب الی عندی بشی احب الیّ مما افترضت علیہ وما یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احبہ فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش بھا ورجلہ التی یمشی

www.maktabah.org

بها دل وان ساء لنی اعطیته والا.ن استعاذبی لا عیذنه ۔

جائے فکراور محل خیال ہے کہ جو شخص اللہ کے کسی ولی سے عداوت کرتا ہے وہ فی الحقیقت اللہ تبارک وتعالیٰ سے العیاذ باللہ لڑائی مول لے رہا ہے۔ جب ولی مدراجِ عالیہ طے کرتا ہے تو وہ ایسے مقام پر فائز ہو جاتا ہے کہ اس کے افعال اللہ سے منسوب ہو جاتے ہیں۔ نہ اس کی اپنی سماعت رہتی ہے نہ دید اور نہ اس کی اپنی گرفت رہتی ہے اور نہ حرکت۔ اس "وقت و مارمیت اذ رمیت و لکن اللہ رمی "اور"ان الذین یبا یعونك انما یبا یعون اللہ۔" کی اسرار واضح ہوتے ہیں۔ جن کو پروردگار اعلیٰ درجاتِ ولایت پر پہنچا کر خلعتِ قیومیّت سے سرفراز کرتا ہے۔ ان کی وہ شان ہوتی ہے جو حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ نے بیان کی ہے اور صاحب زُبدَہ نے اس کو نقل کیا ہے۔

قیومیّت کے لیے وہ مبارک ذات صلاحیت رکھتی ہے جو مظاہرِ عبدیّت اور مراتب خشیّت میں بدرجہ اتم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلے۔ سردار دو جہاں آقائے کل کائنات بانفسنا هو وباٰبائنا وامها تنا واولا دنا صلی اللہ علیه وسلم کو اپنے پروردگار سے یہ مژدۂ عالی مل چکا ہے: لیغفرلك اللہ ماتقدم من ذنبك وماتا خر لیکن آپؐ پروردگار جل شانہٗ کی اتنی عبادت کرتے تھے کہ آپؐ کے پائے نازنین پر ورم آجاتا تھا۔ صحابہؓ

www.maktabah.org

کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا کہ یارسول اللہ علیک صلوٰۃ اللہ آپ اتنی محنت کیوں فرماتے ہیں۔ آپؐ سے تو کسی بات کی پوچھ گچھ نہ ہوگی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا **افلا اکون عبداً شکوراً** ۔ مراتب کمال اسی کو ملتے ہیں جو مظاہرِ عبدیت بہ درجہ اتم ظاہر کرتا ہو جس کے تن کا رُواں رُواں بزبانِ حال کہتا ہو۔

بے تو جاناں قرار نہ توانم کرد　　احسان ترا شمار نہ توانم کرد
گر برتنِ من زبان شود ہر موے　　یک شکرِ تو از ہزار نہ توانم کرد

جو ہر وقت اور ہر حال متوجہ الی اللہ رہے۔ جس کی بیداری مشاہدہ ہو اور خواب بیداری۔ جس پر
**تنام عینای ولا ینام قلبی** کی کیفیت بہ طفیلِ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم طاری ہو۔

عام طور پر کرامات اور خوارقِ عادات کو سراہا جاتا ہے۔ اور اس کو ولایت کی نشانی سمجھا جاتا ہے ہدایت الطالبین میں قیومِ وقت حضرت شاہ ابوسعید قدس سرہ فرماتے ہیں۔ ''جذب و حضور جمعیت و واردات و کشف کونی و کشف ارواح و کشف عالم مثال و سیر عالم ملک کہ عبارت از تحتِ افلاک است و ملکوت کہ عبارت

www.maktabah.org

از ملائکہ وارواح و بہشت است و آنچہ مافوقِ آسمانہا است ہمہ داخلِ دائرہ امکان است بلکہ در نصفِ سافل آن دائرہ ایں چنین شعبدہ ہا بنظر درمی آید الخ صفحہ ۳۸ قلمی"، حضرات عالی قدر کے نزدیک یہ بمنزلہ شعبدہ اور طفل تسلی کے ہے۔ حضرت خواجۂ خواجگان سر کردۂ طائفۂ نقشبندیان حضرت موید الملۃ والدین الرضی ابو الوقت محمد الباقی المعروف بہ خواجۂ بیرنگ باقی باللہ قدسنا اللہ باسرارہٖ اپنے رقعہ شریفہ صفحہ نمبر ۵۳ کے حاشیہ پر تحریر فرماتے ہیں۔ "خواجۂ ما در فقراتِ قدسی آیات خود می فرمایند کہ بریدہ شدن و تہی گشتن دل از ماسوئ حق سبحانہ، دلیل است بر مظہریت مر تجلی حق سبحانہ، رابنعت احدیت کہ نیل معارف بحقائق اسماء وصفات بے ایں معنیٰ متعذر است۔ واضح باشد کہ گرفتار مشاہدہ نیز گرفتار غیر است ایشان در عین مراد از مراد نامراد اند"۔ حضرت شاہ نقشبند قدس اللہ سرہ السامی نے بالفاظ مختصرہ حقیقت بیان کردی ہے۔

اوّلِ ما آخرِ ہر منتہی      آخرِ ما جیب تمنا تہی

ولایت کے لیے خشیت اور تقویٰ کی ضرورت ہے نہ کشف وکرامت کی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے ان اولیاء ہ الا المتقون ۔ ترجمہ۔ اس کے اولیاء

www.maktabah.org

وہی ہیں جو پرہیزگار ہیں۔ حضرت امام ربانی قدس اللہ سرہ السامی کے صرف ایک دو واقعات نقل کیے جاتے ہیں۔ تاکہ آپ کے مظاہر عبدیت اور کمالِ خشیت کا کچھ اندازہ ہو سکے۔

"بر زبان مبارک راندند کہ یک روز بسہو دردرآمدن بخلا اول پائے راست نہادم آن روز چندیں احوال برمن بستہ شد۔ راقم گوید روزے درخدمت آنحضرت نشستہ بودم وایشان درتحریر معارف بودند ناگاہ از غلبۂ تقاضائے بول بہ سرعت متوجہ متوضا شدند۔ ہمچناں کہ بہ سرعت بمتوضا رفتہ بودند بہ سرعت ہرچہ تمام تر برآمدند۔ بندہ را حیرت روے داد کہ بہ ایں سرعت درآمدن و بہ ایں تعجیل برآمدن چہ بود۔ بمجرد برآمدن از خلا ابریق آب طلبیدہ ناخنِ ابہام یسار را شستہ باز بہ خلا درآمدند۔ چون بعد از ساعتے بیرون شدند فرمودند کہ تقاضاے بول استیلا نمود۔ بہ سرعت بمتوضا درآمدم ونشستہ بودم کہ نظرم بر پشت ناخن افتاد کہ نقطۂ سیاہی برو بود کہ برائے امتحانِ قلم نہادہ بودم باآں نقطۂ سیاسی کہ از اسباب کتابت حروف قرآنی است آنجا نشستن رالائق و بہ رعایتِ ادب مطابق ندیدم باوجود کہ از غلبۂ آن محنت داشتم لیکن آن محنت پیش این محنتِ ترکِ ادب بس حقیر نمود۔ بیرون آمدہ آن نقطۂ سیاہی را شستم وباز درآمدم۔ وقت دیگر کہ این بندہ درخدمت حاضر بود مولانا صالح ختلانی را امر نمودند کہ چند قرنفل از خریطہ برآوردہ حاضر کن۔ دے

www.maktabah.org

شش قرنفل حاضر ساخت۔ درعتاب رفتہ فرمودند۔'' اینک صوفی ما آن قدر نہ شنیدہ اللہ و تر و یحب الوتر ۔رعایتِ وتر از مستحبات است۔ مستحب را مردم چہ دانستہ اند۔ مستحب دوست داشتہ اُوست سبحانہ وتعالیٰ۔ اگرچہ دنیا وآخرت رابیک عملے کہ دوست داشتہ حق عزوجل باشد ہد ہند ہیچ ندادہ باشند الخ صفحہ ۳۰۴، ۳۰۵ زبدہ قلمی۔

کتاب حضرات القدس کے حضرات سادسہ، مکاشفہ نمبر ۳۴ کو قلمی نسخہ محررہ سنہ ۱۰۹۹ھ سے نقل کیا جاتا ہے۔'' روزے حضرت ایشان قدس سرہٗ بہ جہت قضائے حاجت بمستراح درآمدند دیدند کہ آن جا کاسۂ ناتمام ازِ سفالین است گناس بہ آں نجاسات برمی داشت واسم اللہ بر آن نقش کردہ اند وملوث بہ قاذورات شدہ۔ آن حضرت کاسہ رابدست خود گرفتہ ازنجا برآمدند وخادم رافرمودند کہ آفتابہ بآب بیار آورد۔ آن کاسہ رابدست خود از قاذورات پاک ساختند۔ ہرچند خدام التماس نمودن کہ، آں راپاک کنیم قبول نہ فرمودند بعداز پاک کردن آن رابر طاقِ بلند بجامۂ سفید پیچیدہ بتعظیم تمام نگاہ داشتند۔ وہرگاہ می خواستند کہ آب بیاشامندر ہمان کاسہ می آشامیدند۔ دریں اثنا از درگاہِ ربُّ الارباب خطاب مستطاب بہ آن حضرت دررسید کہ چنانچہ تونام مرابزرگ داشتی ما نامِ ترا در دنیا وآخرت بزرگ گردانیم۔ ومی فرمودند کہ اگر صد سال ریاضت ومجاہدہ می کشیدم فیوض وبرکات کہ

www.maktabah.org

ازیں عمل یافتم ازاں مجاہدات سنین بہ حصول بنہ می پیوست۔ الخ"۔

ان واقعات کو خوب دقیق نظر سے مطالعہ کیا جائے۔ سیاہی کے نقطہ کی وجہ سے باوجود بول کی تکلیف کے آپ فوراً تشریف لے آئے۔ آپ نے یہ تکلیف صرف اس وجہ سے برداشت کی کہ سیاہی سے کلام پاکِ الٰہی لکھا جاتا ہے۔ کیا ایسے تقویٰ اور ادب کی مثال مل سکتی ہے؟ مولانا صالح چھے دانے کالی مرچ کے لے آئے ان سے ایک امر مستحب رہ گیا آپ کو رنج ہؤا اور ارشاد فرمایا لوگوں نے مستحب کو کیا سمجھ رکھا ہے۔ مستحب وہ امر ہے جو پروردگار جلّ شانہٗ کو پسند ہے اگر دنیا و آخرت کو ایک ایسے امر کے لیے دے دیا جائے جو پروردگار کو پسند ہو تو کچھ بھی نہیں دیا گیا ہے۔ اتباعِ سنّت اور عمل برعزیمت کی ایسی مثال کوئی پیش کر سکتا ہے؟ آپ نے اس مٹی کے پیالے کو جو کہ ناتمام تھا اور مہتر اس سے نجاست اٹھاتا تھا اپنے دست مبارک سے پاک کیا اور پھر بہ ادب اس کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر اوپر طاق میں رکھا۔ اور جب آپ پانی نوش فرماتے اس مٹی کے ناتمام پیالے میں نوش فرماتے۔ یہ صرف اس لیے کہ اس پر رب العزۃ کا مبارک نام کندہ تھا۔ پروردگار جل شانہ کے اسم مبارک کی ایسی تعظیم وہی کر سکتا ہے جس پر پروردگار کا خاص کرم ہو۔ یہ احوال مبارکہ وقتی نہیں تھے۔ بلکہ آپ کی سرشت میں بس گئے تھے اور بمنزلہ جبلی عادات کے ہو گئے تھے۔ لمثل ھذا فلیعمل العاملون۔

www.maktabah.org

حضرات کرام نے فرمایا ہے۔ الاستقامة فوق الكرامة۔ ایسی مبارک اور برگزیدہ ہستیاں بارِ خلافت و نیابت و قیومیت اٹھاتی ہیں۔

ع نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کتاب روضۂ قیومیہ کا ذکر کر دیا جائے۔ کیوں ہ قیومیت کے سلسلہ میں بعض افراد اس کتاب کی عبارت سے متحیر رہ گئے ہیں۔ اور ان کا متحیر ہونا اپنی جگہ صحیح ہے۔ یہ کتاب جناب محمد احسان مجدّدی رحمتہ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ یہ حضرت خواجہ محمد زبیر کے خلیفہ تھے۔ اور وہ اپنے دادا حضرت خواجہ محمد نقشبند حجۃ اللہ کے اور وہ اپنے پدرِ بزرگوار حضرت خواجہ محمد معصوم کے قدس اللہ اسرارہم۔ ان کو اپنے پیر و مرشد سے کامل عقیدت تھی۔ دقائق علمیہ سے پوری طرح باخبر نہ تھے۔ حضرت مرزا مظہر جان جاناں قدس اللہ سرہ نے ان کو ایک خط لکھا ہے۔ تحریر فرماتے ہیں۔ ”آن چہ از احوال شہود نوشتہ اند کہ ہر ذرّہ ظہور ذات تعالیٰ و تقدس معلوم می شود۔ و این را توحید متعارف دانستہ اند غلط است۔ روضۂ قیومیہ میں بھی ان سے لغزشیں ہوئی ہیں۔ بعض واقعات بھی صرف از وجہ سماع قلمبند کر دیے ہیں، حالاں کہ وہ صحیح نہیں ہیں۔ بنابریں حضرات عالی قدر نے اس

www.maktabah.org

کتاب کو قابل اعتنا نہیں سمجھا ہے۔ قیومیت کے سلسلے میں ان کا مسلک جادۂ صواب سے ہٹا ہوا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے "قیوم اس شخص کو کہتے ہیں جس کے ماتحت تمام اسماء وصفات، شیونات، اعتبارات اور اصول ہوں۔ اور تمام گذشتہ اور آئندہ مخلوقات کے۔ عالم موجودات انسان، وحوش، پرندہ، نباتات، ہر ذی روح، پتھر، درخت، بحر وبر کی ہر شے، عرش، کرسی، لوح، قلم، ستارہ، ثوابت، سورج، چاند، آسمان، بروج سب اس کے سایہ میں ہوں الخ"، قبل اس کے کہ اس عبارت پر نظر ڈالی جائے۔ مناسب ہے کہ اسماء وصفات وظلال واصول افرادِ انسان کے متعلق حضرات کرام کی تحقیق بیان کردی جائے۔

فرماتے ہیں کہ تمام عالم کا ظہور پروردگار جل شانہ وعز برہانہ کے اسماء حسنیٰ اور صفات علیا کی تجلیات سے ہوا ہے۔ پروردگار کی ہر صفت بمنزلہ ایک کلی کے ہے۔ ہر صفت کی بے شمار تجلیات ہیں اور ہر تجلی کے بے اندازہ ظِلال اور ہر ظِلّ کے بے حساب نقاط۔ حضرات انبیاء اور ملائکہ کا تعلق اور ارتباط تجلیاتِ صفات سے ہے۔ ان کی تربیت کلیات سے ہوئی ہے۔ مثلاً حضرت آدم علیہ السلام کا تعلق صفتِ تکوین سے ہے۔ اور یہی صفت ان کی مربی ہے۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تعلق صفت علم سے ہے۔ اور یہی صفت ان کی مربی ہے۔ اسی طرح تمام انبیاء اور ملائکہ کا تعلق کسی ایک صفت سے ہے اور وہی ان کی مربّی ہے۔ ان

www.maktabah.org

حضرات کا مبدأ تعین صفاتِ باری جل شانہ ہیں اور باقی تمام کائنات کا تعلق صفات کے ظلال سے ہے۔ تمام کائنات میں صدیقین، شہدا، قیوم، قطب، غوث، فرد، ابدال، اوتاد، صالحین اور سب شامل ہیں ان سب کا مبدأ تعین دائرۂ ظلال ہے۔ اللہ کا کوئی بھی نیک بندہ جب مدراج قرب طے کرتا ہے تو پہلے اس نقطہ تک پہنچتا ہے۔ جو دائرۂ ظلال میں ہے اور پھر اگر پروردگار کا فضل وکرم شامل حال ہوتا ہے تو دائرۂ تجلیاتِ صفات میں قدم رکھتا ہے یعنی ظل سے اصل میں اور پھر اگر توفیق الٰہی مدد فرماتی ہے تو اصل سے اس کی اصل کی طرف وھکذا من اصل الی اصل الاصل الیٰ ان یبلغ الکتاب اجله ۔

محمد احسان صاحب بموجب اس اردو ترجمہ کے جو پیش نظر ہے۔ نہ حضرات عالی قدر کے کلام کو سمجھے ہیں اور نہ قیوم کے مرتبہ کو۔ انہوں نے اسماء و صفات، شیونات، اصول اور تمام گذشتہ اور آیندہ مخلوقات کے متعلق لکھ دیا کہ سب اس کے سایہ میں ہوں۔ العیاذ باللّٰہ من ھذا القول افا سد۔ بھلا اسماء باری تعالی اور اس کی صفات وشیونات کس کے سایہ میں آسکتے ہیں۔ اصل کا ذکر بھی کیا گیا ہے انبیاء اور ملائکہ کے لیے تجلی صفات اصل ہے۔ باقی افراد کونی کے لیے تجلّی صفات پر کون حاوی ہوسکتا ہے۔ استغفر اللہ اور لکھا ہے تمام گذشتہ اور آیندہ مخلوقات الخ۔ یہ اللہ کے بندے اتنا نہ سمجھے کہ گذشتہ مخلوقات میں صحابۂ کرام،

www.maktabah.org

انبیاء عظام، ملائکہ عالی مقام، اور سردارِ دو جہاں محبوبِ کبریا جناب محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ جمیع الانبیاء والملائکہ وجمیع عباد اللہ الصالحین وبارک وسلم بھی شامل ہیں حالانکہ بڑے سے بڑا ولی ادنیٰ صحابی رضوان اللہ علیہم کے خاکِ پا کی برابری نہیں کرسکتا، چہ جائے کہ انبیاء علیہم السلام۔ محمد احسان صاحب نے حضرت خواجہ امام ربانی سے شروع کر کے اپنے پیر ومرشد حضرت محمد زبیر تک قیومیّت کا سلسلہ قائم رکھا ہے۔ یہ چار حضرات ہیں۔ قدس اللہ اسرارہم۔ اور اپنے پیر ومرشد کو قیوم رابع اور ختم القیومیہ قرار دیا ہے۔ ان کو یہ نہیں معلوم کہ بجز نبوت کے اور کسی مرتبہ کا دروازہ بند نہیں ہوا ہے اور نہ ہوگا۔ "ارشاد نبوی ﷺ ہے" مثل امتی المطر لا یدریٰ اولہٗ خیر ام اخرہ۔ حضرات عالی قدر یعنی فرزندان حضرت خواجہ محمد معصوم اور ان کے بعد کے دوسرے حضرات میں سے یہ بات کسی نے نہیں کہی ہے۔ بلکہ ان میں سے بعض حضرات کو پروردگار جل شانہٗ وعم احسانہ نے اپنے فضل وکرم سے یہ مقام عالی دیا ہے۔ اور انہوں نے اظہار بھی فرمایا ہے۔ حضرت سیدی الوالد قدس سرہ جو اپنے وقت کے قیوم تھے فرماتے ہیں۔

حضرت خواجہ محمد معصوم ان کی اولاد مبارک قیوم

www.maktabah.org

www.maktabah.org

www.maktabah.org

www.maktabah.org



ناشر:

المصطفیٰ پبلی کیشنز اولڈ یونی ورسٹی کیمپس حیدر آباد

www.maktabah.org

**Maktabah Mujaddidiyah**
www.maktabah.org

This book has been digitized by Maktabah Mujaddidiyah (www.maktabah.org).

Maktabah Mujaddidiyah does not hold the copyrights of this book. All the copyrights are held by the copyright holders, as mentioned in the book.

Digitized by Maktabah Mujaddidiyah, 2012

Files hosted at Internet Archive [www.archive.org]

We accept donations solely for the purpose of digitizing valuable and rare Islamic books and making them easily accessible through the Internet. If you like this cause and can afford to donate a little money, you can do so through Paypal. Send the money to ghaffari@maktabah.org, or go to the website and click the Donate link at the top.